# سیرت کوئیز (حصہ اوّل)

حضور ﷺ کی ولادت سے وفات تک کے حالات
(سوالات وجوابات کی شکل میں)

مؤلف
**مولانا غیاث احمد رشادی**
مرکزی صدر صفا بیت المال انڈیا

**ناشر**

مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل سوسائٹی

**www.payaamerashadi.org**

قانونی انتباہ تحریری اطلاع کے بعد اس کتاب کی اشاعت کی اجازت ہے


| | |
|---|---|
| نام کتاب | **سیرت کوئیز** (حصہ اوّل) |
| مؤلف | مولانا غیاث احمد رشادی مرکزی صدر صفا بیت المال انڈیا |
| صفحات | ......۷۲...... |
| پہلا ایڈیشن | اپریل ۲۰۰۶ء ربیع اوّل ۱۴۲۷ھ |
| تعداد اشاعت | ایک ہزار |
| کمپیوٹر وکمپوزنگ | رشادی پبلشرز |
| | قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد۔ فون: 9394419849 |
| قیمت | -/Rs.30 روپئے |
| ناشر: | مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل سوسائٹی، واحد نگر قدیم ملک پیٹ |

## ملنے کا پتہ

# رشادی پبلشرز

واحد نگر قدیم ملک پیٹ حیدرآباد

فون نمبر: 9394419849

www.payaamerashadi.org

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ وَبَعۡدُ o

تمام تعریف اس اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے جس نے مجھے اس بات کی توفیق عطا فرمائی کہ دینِ اسلام کی اہم و بنیادی باتوں کو چھوٹی چھوٹی کتابوں کی شکل میں پیش کروں، ان تمام کاموں میں اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان پنہاں ہے۔ درود وسلام نبی رحمت محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ آپ ﷺ نے تیئیس سالہ نبوی زندگی میں ایسے اقوال و افعال سے اپنی اُمت کو نوازا جن کی تشریح آپ ﷺ کی اُمت کے افراد چودہ سو سال سے کرتے آرہے ہیں اور تا قیامِ قیامت آپ ﷺ کی زندگی کے بارے میں انشاء اللہ تشریح کی جاتی رہے گی۔

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت سے متعلق احقر کی ایک کتاب **''سیرتِ طیبہ قرآن حکیم کی روشنی میں''** کے دو تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ جس کا عربی زبان میں بھی ترجمہ ہو چکا ہے۔ چونکہ سیرت سے متعلق یہ ایک خاص موضوع ہے اسی لئے عوام سے زیادہ خواص کے لئے بے حد مفید ہے جیسا کہ علماء وخطباء حضرات کی رائے سے محسوس ہوا، اِرادہ ہے کہ عام فہم انداز میں سیرت سے متعلق ایک کتاب مختصر انداز میں تحریر کی جائے جس سے معصوم طلباء و طالبات کے ذہنوں میں سیرتِ رسول ﷺ کا خاکہ آسانی سے بیٹھ جائے۔

حضور ﷺ کی سیرت کو سوال و جواب کی شکل میں پیش کرنے کا خیال ذہن میں اس لئے آیا کہ آج کل اسی اسلوب کو نہ صرف بچے بلکہ بڑے حضرات بھی کافی پسند کر رہے ہیں۔ جیسا کہ احقر کی مقبول عام کتاب **''مذہبی کوئیز''** سے محسوس ہوا کہ اس کے اب تک کئی ایڈیشن شائع کرنے پڑے چونکہ **''مذہبی کوئیز''** میں ہر موضوع سے متعلق سوالات ہیں اس لئے الگ سے صرف اور صرف سیرت رسول ﷺ ولادت سے وفات تک سوال و جواب کی شکل میں پیش کرنے کا اِرادہ ہوا۔ اس میں سات سو ساٹھ سوال و جواب موجود ہیں، انشاء اللہ اس سے عوام الناس کو عموماً اور اسکولوں،

کالجوں اور دینی مدارس کے طلبہ وطالبات کو خصوصاً کافی فائدہ ہوگا۔

**''سیرت کوئیز''** کے سوالات کا ایک عظیم الشان مقابلہ اسکولوں، کالجوں اور دینی مدارس کے طلبہ وطالبات کے درمیان منعقد کیا جائے گا، انشاء اللہ اس کے علاوہ ہر سال جولائی کے اواخر میں شہر حیدرآباد وسکندرآباد کو مختلف زون میں تقسیم کر کے جگہ جگہ یہ سیرت کوئیز مقابلے **''مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، رجسٹرڈ''** کے زیر اہتمام منعقد کئے جائیں گے، جیسا کہ سن ۲۰۰۵ء کے ماہِ مئی میں **''مذہبی کوئیز''** مقابلہ منعقد کیا گیا تھا، جس میں دوسو سے زائد طلبہ وطالبات نے حصہ لیا تھا اور 80% فیصد طلبہ نے صدفی صد جوابات دیئے تھے۔

اس قسم کے مقابلوں سے انشاء اللہ طلبہ وطالبات کی دینی معلومات میں اضافہ ہوگا۔ اہل خیر حضرات اگر اس قسم کے مقابلوں کے انعقاد میں حصہ لیں تو انشاء اللہ کافی فائدہ ہوگا، جو حضرات اس سلسلہ میں دلچسپی رکھتے ہوں رابطہ رکھیں۔

یہ **''سیرت کوئیز''** حصہ اوّل ہے جس میں حضور ﷺ کی ولادتِ مبارکہ سے وفات تک کی زندگی کو سات سو ساٹھ سوالات و جوابات میں پیش کیا گیا ہے، انشاء اللہ **''سیرت کوئیز''** حصہ دُوّم میں جمالِ نبوی ﷺ، خصائل نبوی ﷺ، خصائص نبوی ﷺ، ازواج مطہرات سے متعلق معلومات وغیرہ سوال و جواب کی شکل میں پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ **''سیرت کوئیز''** کی طرح **''قرآن کوئیز''** بھی انشاء اللہ عنقریب منظر عام پر آئے گی۔ جو ایک ہزار سے زائد سوالات و جوابات پر مشتمل ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس سلسلہ کو مقبولِ عام فرمائے۔ آمین۔

عاجز و عاصی

**غیاث احمد رشادی**

۲۷/ مارچ، ۲۰۰۶ء

۲۶/ صفر، ۱۴۲۷ھ

## ''سیرت کوئز'' پڑھنے سے پہلے چند باتیں

سیرت کوئز کے سوالات و جوابات سیرتِ طیبہ سے متعلق مستند و معتبر کتبِ سیرت کے حوالوں سے ترتیب دیئے گئے ہیں۔ ہم نے ہر سوال کے جواب میں حوالہ کا صرف اِشارہ دیا ہے۔ اس لئے ''سیرت کوئز'' سے استفادہ کرنے سے پہلے ان اشارات کا سمجھ لینا ضروری ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ط | : | طبقات ابن سعد......مصنف......علامہ محمد بن سعدؒ |
| ح | : | سیرت حلبیہ......مصنف......علامہ علی بن ابراہیم حلبیؒ |
| خ | : | تاریخ ابن خلدون......مصنف......علامہ عبدالرحمٰن بن خلدونؒ |
| ر | : | رحمۃ للعلمین......مصنف......مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری |
| ر۔الف | : | سیرت رسول اکرم ﷺ......مصنف......مفکرِ اسلام حضرت مولانا ابوالحسن علی ندویؒ |

نوٹ : چونکہ حضور ﷺ کی زندگی کے بعض پہلوؤں پر راویوں کے مختلف اقوال ہیں، امید کہ کسی قول پر کسی کو اتفاق نہ ہو تو وہ اس کو موضوع بحث نہ بنائیں گے۔ ہاں! جہاں کہیں سہو ہو گیا ہو از راہِ کرم مطلع فرمائیں۔ انشاءاللہ اگلے ایڈیشن میں اصلاح کر لی جائے گی۔............(مؤلف)

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

1 : حضور ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب کے کتنے بیٹے تھے؟

ج : حضور ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب کے بارہ بیٹے تھے۔(ط)

2 : حضور ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب کے کتنی بیٹیاں تھیں؟

ج : حضور ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب کی چھ بیٹیاں تھیں۔(ط)

3 : حضور ﷺ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

ج : حضور ﷺ کے والد محترم کا نام حضرت عبداللہ تھا۔(ط)

4 : حضور ﷺ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج : حضور ﷺ کی والدہ محترمہ کا نام حضرت آمنہ تھا۔(ط)

5 : حضور ﷺ کی بعثت کس کی دعاء کا نتیجہ تھی؟

ج : حضور ﷺ کی بعثت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاء کا نتیجہ تھی۔(ح)

6 : حضور ﷺ کی بعثت کی بشارت کس نبی نے دی تھی؟

ج : حضور ﷺ کی بعثت کی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی تھی۔(ح)

7 : حضور ﷺ کا تعلق بنی اسرائیل سے ہے یا بنی اسماعیل سے؟

ج : حضور ﷺ کا تعلق بنی اسماعیل سے ہے۔(ح)

8 : کیا آپ حضور ﷺ کا نسب جانتے ہیں؟

ج : ہاں! حضور ﷺ کا نسب مبارک یہ ہے، **محمد ﷺ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمُناف بن قُصَی بن کِلاب بن مُرَّہ بن کَعب بن لُوی بن غالب بن فُہر بن مالک بن نَضَر بن کنانہ بن خُزَیمہ بن مُدرکہ بن اَلْیَاسْ بن مُضَر بن مَعْد بن عَدْنَاْن**(م)

9 : حضرت عبدالمطلب کے والد ہاشم کا نام کیا تھا؟

ج : حضرت عبدالمطلب کے والد ہاشم کا نام **عَمَرو** تھا۔(م)

10 : ہاشم کے معنی کیا ہیں؟

ج : روٹی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا، قحط کے زمانہ میں ہاشم ہی نے روٹی کے ٹکڑے پکا کر کھلائے تھے (م)

11 : حضرت عبدالمطلب کے بیٹوں میں سب سے زیادہ حسین، پاک دامن اور محبوب کون تھے؟

ج : حضرت عبدالمطلب کے بیٹوں میں سب سے زیادہ حسین، پاک دامن اور محبوب حضرت عبداللہ تھے (ح)

12 : خواب میں زمزم کا کنواں کھودنے کا حکم کس کو دیا گیا؟

ج : خواب میں زمزم کا کنواں کھودنے کا حکم حضرت عبدالمطلب کو دیا گیا۔ (ح)

13 : حضرت عبدالمطلب کو چاہِ زمزم کھودنے کا حکم دیا گیا تو انہوں نے کیا منت مانی؟

ج : حضرت عبدالمطلب نے اس وقت یہ منت مانی کہ اگر یہ کام آسان ہو جائے تو وہ اپنے بیٹوں میں سے ایک بیٹے کو قربان کر دیں گے۔ (ح)

14 : قربانی کے لئے حضرت عبدالمطلب نے قرعہ ڈالا تو کس کا نام نکلا؟

ج : قربانی کے لئے حضرت عبدالمطلب نے قرعہ ڈالا تو حضرت عبداللہ کا نام نکلا۔ (ح)

15 : حضرت عبداللہ کی قربانی کے سلسلے میں کس خاندان نے رکاوٹ ڈالی؟

ج : حضرت عبداللہ کی قربانی کے سلسلہ میں خاندان بنومخزوم نے رکاوٹ ڈالی۔ (ح)

16 : حضرت عبدالمطلب نے حضرت عبداللہ کی جان کے فدیہ میں کتنے اونٹوں کی قربانی کی؟

ج : حضرت عبدالمطلب نے حضرت کی جان کے فدیہ میں سو اونٹوں کی قربانی کی۔ (ح)

17 : حضور ﷺ نے فرمایا میں دو ذبیحوں کی اولاد ہوں؟ ان سے کون مراد ہیں؟

ج : دو ذبیحوں سے حضرت اسماعیل ذبیح اللہ اور حضرت عبداللہ مراد ہیں۔ (ح)

18 : حضرت عبدالمطلب کے بیٹے حضرت عبداللہ کا نکاح کس کی بیٹی سے ہوا؟

ج : حضرت عبدالمطلب کے بیٹے حضرت عبداللہ کا نکاح وہب بن مناف کی بیٹی حضرت آمنہ سے ہوا (ح)

19 : حضرت عبداللہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج : حضرت عبداللہ کی والدہ کا نام فاطمہ تھا۔ (ح)

20 : حضرت آمنہ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج : حضرت آمنہ کا تعلق بنوزہرہ سے تھا۔ (ح)

21 : حضورِ اکرم ﷺ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج : حضورِ اکرم ﷺ کا تعلق خاندانِ قریش سے تھا۔ (م)

22 : حضور ﷺ کی ولادت کے سال کو کونسا سال کہا جاتا ہے؟

ج : حضور ﷺ کی ولادت کے سال کو عام الفیل کہا جاتا ہے۔ (م)

23 : اس سال کو عام الفیل کیوں کہا جاتا ہے؟

ج : عام الفیل کے معنی ہاتھی کا سال ہے اسی سال ابرہہ ہاتھیوں کے لشکر کے ساتھ کعبۃ اللہ کو ڈھانے کے لئے آیا تھا۔ اس لئے اس سال کو عام الفیل کہا جاتا ہے۔ (م)

24 : حضور ﷺ کی ولادت کس مہینہ میں ہوئی؟

ج : حضور ﷺ کی ولادت ماہِ ربیع الاول میں ہوئی۔ (م)

25 : حضورِ اکرم ﷺ کی ولادت ربیع الاول کی کس تاریخ کو ہوئی؟

ج : مشہور یہی ہے کہ حضور ﷺ کی ولادت ۱۲/ربیع الاول کو ہوئی (مگر صحیح روایت یہ ہیکہ ۹/ربیع الاول کو آپ ﷺ کی ولادت ہوئی)......(م)

26 : حضور ﷺ کو سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا؟

ج : حضور ﷺ کو سب سے پہلے ابولہب کی باندی **ثُوَیْبَہ** نے دودھ پلایا۔ (م)

27 : حضور ﷺ کو اپنے ہاں دودھ پلانے کے لئے کون لے گئیں؟

ج : حضور ﷺ کو اپنے ہاں دودھ پلانے کے لئے حضرت حلیمہ سعدیہؓ لے گئیں۔ (م)

28 : حضور ﷺ کے والد محترم حضرت عبداللہ کا انتقال کہاں ہوا؟

ج : حضور ﷺ کے والد محترم حضرت عبداللہ کا انتقال مدینہ میں ہوا جبکہ وہ تجارت کے لئے مدینہ گئے تھے (ح)

29 : حضرت عبدالمطلب کے سب سے بڑے بیٹے کون تھے؟

ج : حضرت عبدالمطلب کے سب سے بڑے بیٹے حارث تھے۔ (ح)

30 : حضرت عبدالمطلب کا لقب کیا تھا؟

ج : حضرت عبدالمطلب کا لقب ابوالحارث تھا۔ (ح)

31 : کیا حضورِ اکرم ﷺ اپنے والدین کے اکلوتے بیٹھے تھے؟

ج : ہاں! حضورِ اکرم ﷺ اپنے والدین کے اکلوتے بیٹھے تھے۔ (ح)

32 : حضور ﷺ کی ولادت کے وقت کیا واقعہ پیش آیا؟

ج : حضور ﷺ کی ولادت کے وقت ایک نور نکلا جس سے شام کے محلات جگمگا اٹھے۔ (ح)

33 : حضور ﷺ نے ولادت کے بعد کیا کلام فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے ولادت کے بعد سب سے پہلا کلام یہ کیا:

اَللّٰہُ اَکۡبَرُ کَبِیۡرًا وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ کَثِیۡرًا وَسُبۡحَانَ اللّٰہِ بُکۡرَۃً وَّاَصِیۡلاً (ح)

34 : حضور ﷺ صبح سویرے پیدا ہوئے یا رات میں؟

ج : حضور ﷺ صبح سویرے یعنی طلوع فجر کے وقت پیدا ہوئے۔(ح)

35 : حضور ﷺ کی ولادت کس مکان میں ہوئی؟

ج : حضور ﷺ کی ولادت مکہ کے اس مکان میں ہوئی جو بعد میں چل کر محمد بن یوسف کا مکان کہلایا۔(ح)

36 : محمد بن یوسف نے اس مکان کا کیا نام رکھا تھا؟

ج : محمد بن یوسف نے اس مکان کا نام " بیضاء " یعنی سفید گھر رکھا تھا۔ (ح)

37 : حضور ﷺ جس مکان میں پیدا ہوئے وہ مکان کہاں تھا؟

ج : حضور ﷺ جس مکان میں پیدا ہوئے وہ مکان مکہ میں صفا کی پہاڑی کے قریب تھا۔ (ح)

38 : واقعۂ فیل اور حضور ﷺ کی ولادت کے درمیان کتنی مدت گزری ہے؟

ج : واقعۂ فیل اور حضور ﷺ کی ولادت کے درمیان پچپن (55) راتیں گزری ہیں۔(ط)

39 : حضور ﷺ کی ولادت کے بعد حضرت عبد المطلب حضور ﷺ کو کہاں لے آئے؟

ج : حضور ﷺ کی ولادت کے بعد حضرت عبد المطلب حضور ﷺ کو کعبۃ اللہ لے آئے۔(ط)

40 : حضور ﷺ کے دو مشہور نام کیا ہیں؟

ج : حضور ﷺ کے دو مشہور نام محمد اور احمد ہیں۔ (ط)

41 : حضور ﷺ کا نام "احمد" رکھنے کا حکم کس کو دیا گیا تھا؟

ج : حضور ﷺ کا نام "احمد" رکھنے کا حکم حضرت آمنہ کو دیا گیا تھا۔ (ط)

42 : حضور ﷺ کا نام "محمد" کس نے رکھا؟

ج : حضور ﷺ کا نام "محمد" حضرت عبد المطلب نے رکھا۔ (ح)

43 : حضور کے مشہور چھ نام بتلایئے؟

ج : حضور کے مشہور چھ نام یہ ہیں۔(۱) محمد (۲) احمد (۳) خاتم (۴) حاشر (۵) عاقب (۶) ماحی

44 : محمد کے معنی کیا ہیں؟

ج : محمد کے معنی تعریف کیا ہوا............

45 : احمد کے معنی کیا ہیں؟

ج : احمد کے معنی زیادہ تعریف کرنے والا......

46 : خاتم کے کیا معنی ہیں؟

ج : خاتم مہر کو کہتے ہیں حضور ﷺ تمام نبیوں میں آخری نبی ہیں۔

47 : حاشر کے معنی کیا ہیں؟

ج : جمع کرنے والے یعنی آپ ﷺ قیامت کے قریب زمانہ میں پیدا ہوئے ہیں جو جمع ہونے کا دن ہے۔(ط)

48 : عاقب کے کیا معنی ہیں؟

ج : عاقب کے معنی تمام پیغمبروں کے بعد آئے ہیں۔(ط)

49 : ماحی کے کیا معنی ہیں؟

ج : جو لوگ آپ ﷺ کی اتباع کریں گے ان کے گناہ مٹ جائیں گے اسی طرح آپ گناہوں کو مٹانے کا ذریعہ بننے والے پیغمبر ہیں۔ (ط)

50 : حضور ﷺ کی کنیت کیا ہے؟

ج : حضور ﷺ کی کنیت ابوالقاسم ہے۔(ط)

51 : نام اور کنیت رکھنے کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا ہدایت فرمائی؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا میرا نام رکھو میری کنیت نہ رکھو۔(ط)

52 : حضور ﷺ کی ولادت کے ساتویں دن حضرت عبدالمطلب نے کیا کیا؟

ج : حضور ﷺ کی ولادت کے ساتویں دن حضرت عبدالمطلب نے آپ کا عقیقہ کیا اور آپ کا نام ''محمد'' رکھا۔

53 : حضور ﷺ کا نام ''محمد'' کیا اس سے پہلے رکھا گیا تھا؟

ج : حضور ﷺ کا یہ نام ''محمد'' پہلی مرتبہ رکھا گیا۔(ح)

54 : ابولہب کو حضور ﷺ کی ولادت کی خوشخبری کس نے دی؟

ج : ابولہب کی باندی ''ثُوَیبَہ'' نے حضور ﷺ کی ولادت کی خوشخبری دی۔(ح)

55 : ابولہب نے حضور کی ولادت کی خوشخبری سن کر اپنی باندی سے کیا کہا؟

ج : ابولہب نے کہا کہ تو آزاد ہے۔(ح)

56 : حضور ﷺ کے رضاعی بھائی کا نام کیا تھا؟

ج : حضور ﷺ کے رضاعی بھائی کا نام عبداللہ تھا۔(ط)

57 : حضور ﷺ کی رضاعی بہن کا نام کیا تھا؟

ج : حضور ﷺ کی رضائی بہن کا نام ''جدامہ'' تھا جو ''شیما'' سے مشہور تھیں۔(ط)

58 : حضور ﷺ رضاعی ماں حضرت حلیمہ سعدیہ کے پاس کتنے سال تک رہے؟

ج : حضور ﷺ رضاعی ماں حضرت حلیمہ سعدیہ کے پاس چار سال تک رہے۔(خ)

59 : حضور ﷺ کی عمر چھ سال کی ہوئی تو کس کا انتقال ہوا؟

ج : حضور ﷺ کی عمر چھ سال کی ہوئی تو ماں حضرت آمنہ کا انتقال ہوا۔(خ)

60 : حضور ﷺ کتنی عمر میں بہت صاف گفتگو فرمانے لگے تھے؟

ج : حضور ﷺ نو ماہ کے ہوئے تو بہت صاف گفتگو فرمانے لگے تھے۔(ح)

61 : حضور ﷺ کتنی عمر میں بچوں کے ساتھ تیر چلاتے تھے؟

ج : حضور ﷺ دس مہینے کے ہوئے تو بچوں کے ساتھ تیر چلاتے تھے۔(ح)

62 : شق صدر کسے کہتے ہیں؟

ج : فرشتوں نے حضور ﷺ کا سینہ چاک کیا، اسی واقعہ کو شقِ صدر کہا جاتا ہے۔(ح)

63 : شقِ صدر کا واقعہ جس وقت پیش آیا حضور ﷺ کس کے پاس تھے؟

ج : اس واقعہ کے وقت حضور ﷺ حضرت حلیمہ سعدیہ کے ہاں تھے۔(ح)

64 : اس واقعہ کی اطلاع حضرت حلیمہ سعدیہ کو کس نے دی؟

ج : اس واقعہ کی اطلاع حضرت حلیمہ سعدیہ کو ان کے دودھ شریک بھائی نے دی۔(ح)

65 : سینہ چاک کرنے کے لئے حضور ﷺ کے پاس کونسے فرشتے آئے تھے؟

ج : سینہ چاک کرنے کے لئے حضور ﷺ کے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام

آئے تھے۔(ح)

66 : حضورﷺ نے بچپن میں کس حوض میں تیرنا سیکھا تھا؟

ج : حضورﷺ نے بچپن میں بنی عدی بن النجار کے حوض میں تیرنا سیکھا تھا۔(ط)

67 : حضورﷺ کی والدہ حضرت آمنہ کا انتقال کس مقام پر ہوا؟

ج : حضورﷺ کی والدہ حصرت آمنہ کا انتقال ابواء کے مقام پر ہوا۔(ط)

68 : حضورﷺ کی والدہ حضرت آمنہ کی قبر کہاں ہے؟

ج : حضورﷺ کی والدہ کی قبر اسی مقام ابواء پر ہے۔

69 : حضرت آمنہ کے انتقال کے بعد حضورﷺ کی کس نے پرورش کی؟

ج : حضرت آمنہ کے انتقال کے بعد حضورﷺ کی پرورش دادا عبدالمطلب نے کی۔(ط)

70 : اُمِّ اَیْمَنْ کون تھیں؟

ج : اُمِّ اَیْمَنْ حضورﷺ کے والد حضرت عبداللہ کی باندی تھیں۔(م)

71 : مقامِ ابواء مکہ سے قریب ہے یا مدینہ سے......؟

ج : مقامِ ابواء مدینے سے قریب ہے۔(م)

72 : حضرت عبدالمطلب حضور کو کس قدر محبت کرتے تھے؟

ج : حضرت عبدالمطلب حضورﷺ کو اپنے تمام فرزندوں سے زیادہ محبت کرتے تھے۔(م)

73 : جب مکہ میں قحط سالی ہوئی تو عبدالمطلب نے کس طرح بارش کے لئے دعاء کی؟

ج : حضرت عبدالمطلب نے حضورﷺ کو کندھے پر بٹھا کر بارش کی دعاء مانگی۔(م)

74 : حضرت عبدالمطلب کی وفات کے وقت حضورﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

ج : حضرت عبدالمطلب کی وفات کے وقت حضورﷺ کی عمر شریف آٹھ سال تھی۔(خ)

75 : حضرت عبدالمطلب نے وفات کے وقت حضورﷺ کو کس کے حوالے کیا؟

ج : حضرت عبدالمطلب نے وفات کے وقت حضورﷺ کو اپنے بیٹے ابوطالب کے حوالے کیا۔(خ)

76 : حضرت ابوطالب جب حضورﷺ کو ملک شام لے گئے تو اس وقت حضورﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

ج : اس وقت حضورﷺ کی عمر بارہ برس ہو چکی تھی۔(خ)

77 : ملک شام کے سفر کے دوران کس مقام پر راہب سے ملاقات ہوئی؟

ج : ملک شام کے سفر کے دوران بصرہ کے قریب راہب سے ملاقات ہوئی۔(خ)

78 : اس راہب کا نام کیا تھا جس نے حضور ﷺ میں نبوت کے آثار دیکھے تھے؟

ج : اس راہب کا نام ''بُحَیرہ'' تھا جس نے حضور ﷺ میں نبوت کے آثار دیکھے تھے۔(خ)

79 : حضور ﷺ جب دوسری مرتبہ حضرت خدیجہؓ کا سامانِ تجارت لے کر ملک شام گئے تو کس راہب سے ملاقات ہوئی؟

ج : اس سفر میں ''نَسطُورَا'' نامی راہب سے ملاقات ہوئی۔(خ)

80 : نَسطُورَا راہب نے حضور کے حالات کے بارے میں کس کو آگاہ کیا؟

ج : نَسطُورَا راہب نے حضور کے حالات کے بارے میں ''مَیسَرہ'' کو آگاہ کیا۔(خ)

81 : حضور ﷺ نے جب حضرت خدیجہؓ کا سامانِ تجارت لے کر ملکِ شام کا سفر کیا تو اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ کون تھے؟

ج : اس سفر میں حضرت خدیجہؓ کے غلام میسرہ حضور کے ساتھ تھے۔(خ)

82 : ابوطالب حضور ﷺ سے کس قدر محبت رکھتے تھے؟

ج : ابوطالب حضور ﷺ کے بغیر کھانا تک نہ کھاتے تھے، گھر کے اندر اور باہر حضور ﷺ کو اپنے ساتھ رکھتے تھے۔(م)

83 : بحیرہ راہب نے حضرت ابوطالب کو حضور ﷺ کے بارے میں کیا ہدایت دی؟

ج : بحیرہ راہب نے حضرت ابوطالب کو یہ ہدایت دی کہ وہ حضور ﷺ کی حفاظت کریں۔(ط)

84 : مکہ میں اہل مکہ نے آپ ﷺ کا کیا نام رکھا تھا؟

ج : مکہ میں اہل مکہ نے آپ کا نام '' الامین'' رکھا تھا۔(ط)

85 : ابوطالب کا اصل نام کیا تھا؟

ج : ابوطالب کا اصل نام ''عبدمناف'' تھا ابوطالب ان کی کنیت تھی۔(ط)

86 : ابوطالب کے سب سے بڑے بیٹے کون تھے؟

ج : ابوطالب کے سب سے بڑے بیٹے طالب تھے۔(ط)

87 : ابوطالب کے کتنے بیٹے تھے؟

ج : ابوطالب کے پانچ بیٹے تھے۔(ط)

88 : ابوطالب کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

ج : ابوطالب کی تین بیٹیاں تھیں۔(ط)

89 : ابوطالب کی وفات کے وقت حضور ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

ج : ابوطالب کی وفات کے وقت حضور ﷺ کی عمر شریف پچاس سال تھی۔(ط)

90 : حضور ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہؓ سے کس کی سرپرستی میں ہوا؟

ج : حضور ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہؓ سے حضرت ابوطالب کی سرپرستی میں ہوا۔(خ)

91 : حضرت خدیجہؓ سے حضور ﷺ کے نکاح کا خطبہ کس نے پڑھا؟

ج : حضور ﷺ کے اس نکاح کا خطبہ ابوطالب نے پڑھا۔(خ)

92 : حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے وقت حضور ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

ج : حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے وقت حضور ﷺ کی عمر شریف پچیس سال (۲۵) تھی۔(خ)

93 : حضور ﷺ سے نکاح کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کیا تھی؟

ج : حضور ﷺ سے نکاح کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس سال (۴۰) تھی۔ (خ)

94 : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت کہاں تھی؟

ج : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت دونوں مونڈھوں کے بیچ میں تھی۔(ح)

95 : جنگِ فجار کے وقت حضور ﷺ کی عمر کیا تھی؟

ج : جنگِ فجار کے وقت حضور کی عمر (۱۴) سال تھی۔(ح)

96 : جنگِ فجار کس مہینہ میں ہوئی؟

ج : جنگِ فجار شوال کے مہینہ میں ہوئی۔(ح)

97 : حلف الفضول نامی عہد نامہ کس مہینہ میں ہوا؟

ج : حلف الفضول نامی عہد نامہ ذی القعدہ میں ہوا۔(ح)

98 : حلف الفضول کے لئے سب سے پہلے کس نے آواز اٹھائی تھی؟

ج : حلف الفضول کے لئے سب سے پہلے زبیر بن عبد المطلب نے آواز اٹھائی تھی۔(ح)

99 : حلف الفضول کا اہم مقصد کیا تھا؟

ج : حلف الفضول کا اہم مقصد ظلم کا خاتمہ اور کمزوروں کی مدد تھا۔(ح)

100 : حلف الفضول نامی عہدنامہ کے لئے لوگ کس کے گھر میں جمع ہوئے؟

ج : حلف الفضول کے لئے لوگ عبداللہ بن جدعان تیمی کے گھر جمع ہوئے۔

101 : کیا حلف الفضول میں حضور ﷺ نے بھی شرکت کی؟

ج : ہاں! حلف الفضول میں حضور ﷺ نے بھی شرکت کی۔(ح)

102 : حلف الفضول میں کون کون شریک رہے؟

ج : حلف الفضول میں بنی ہاشم، بنی زہرہ اور بنی اسد کے لوگ شریک رہے۔(ح)

103 : حضرت خدیجہؓ کے مال میں تجارت کرنے سے پہلے حضور ﷺ کس کی تجارت میں شریک رہے؟

ج : مسائب بن ابوسائب صیفی کی تجارت میں شریک تھے۔(ح)

104 : حضرت خدیجہؓ کس شہر کی خاتون تھیں؟

ج : حضرت خدیجہؓ مکہ کی تندرست، شریف، پاکباز اور مالدار خاتون تھیں۔(ح)

105 : حضرت خدیجہؓ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج : حضرت خدیجہؓ کا تعلق خاندانِ قریش سے تھا۔(ح)

106 : خاندانِ قریش کے لوگ حضرت خدیجہؓ کو کس لقب سے پکارتے تھے؟

ج : خاندانِ قریش کے لوگ حضرت خدیجہؓ کو ''طاہرہ'' کے لقب سے پکارتے تھے۔(ح)

107 : حضرت خدیجہؓ نے کس کے ذریعہ حضور ﷺ کی طرف پیغامِ نکاح بھیجا؟

ج : حضرت خدیجہؓ نے حضرت نفیسہ کے ذریعہ حضور ﷺ کی طرف پیغام نکاح بھیجا۔(ح)

108 : حضرت خدیجہؓ کے پہلے شوہر کا نام کیا تھا؟

ج : حضرت خدیجہؓ کے پہلے شوہر کا نام عتیق بن عائذ تھا۔(ح)

109 : جس وقت مکہ مکرمہ میں زبردست سیلاب آیا حضور ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

ج : اس وقت حضور ﷺ کی عمر شریف پینتیس (۳۵) سال تھی۔(ح)

110 : قریش نے جب کعبۃ اللہ کی تعمیر کی تو کیا حضور ﷺ نے بھی اس تعمیر میں حصہ لیا؟

ج : ہاں! حضور ﷺ بھی پتھر ڈھونے میں شریک تھے۔(ح)

111 : قریش نے جب کعبہ کی تعمیر کی تو اس وقت جو تحریر ملی وہ کس زبان میں تھی؟

ج : قریش نے جب کعبہ کی تعمیر کی تو اس وقت جو تحریر ملی وہ سریانی زبان میں تھی۔(ح)

112 : کعبہ میں ملی تحریر میں کیا لکھا ہوا تھا؟

ج : میں اللہ ہوں، مکہ کا مالک جسے میں نے اس دن پیدا کیا جس دن میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور جس دن میں نے سورج اور چاند بنائے میں نے اس مکہ کو سات فرشتوں کے ذریعہ گھیر دیا ہے اس کی عظمت اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک کہ اس کے دونوں پہاڑ موجود ہیں، یعنی ابوقبیس اور قیقعان اور یہ شہر اپنے باشندوں کے لئے پانی اور دودھ کے لحاظ سے بہت برکت اور نفع والا ہے۔(ح)

113 : قریش کو کعبہ کی تعمیر کے وقت مقام ابراہیم پر جو تحریر ملی اس میں کیا لکھا ہوا تھا؟

ج : مکہ اللہ تعالیٰ کا محترم اور معظّم شہر ہے اس کا رزق تین راستوں سے اس کے پاس آتا ہے۔(ح)

114 : کعبہ کے خزانہ کی حفاظت پر جو سانپ موجود تھا وہ کتنے سال تک اس خزانے کی حفاظت کرتا رہا؟

ج : پانچ سو سال تک یہ سانپ اس خزانہ کی حفاظت کرتا رہا۔(ح)

115 : حجر اسود کے اپنی جگہ رکھنے کے سلسلہ میں جو جھگڑا قریش کے درمیان رہا وہ کتنے دن تک رہا؟

ج : یہ جھگڑا چار پانچ دن تک رہا۔

116 : اس جھگڑے کو ختم کرنے کے لئے یہ رائے کس نے دی کہ جو شخص پہلے مسجد کے دروازے میں داخل ہوگا وہی فیصلہ کرے گا؟

ج : یہ رائے ابوامیہ بن مغیرہ کی تھی۔(ح)

117 : مسجد کے اس دروازے سے سب سے پہلے کون داخل ہوئے؟

ج : مسجد کے اس دروازے سے سب سے پہلے حضور ﷺ داخل ہوئے۔(ح)

118 : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جھگڑے کا فیصلہ کس طرح کیا؟

ج : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چادر پر حجر اسود کو رکھا اور ہر قبیلہ کے سرداروں سے کہا کہ اس چادر کا ایک ایک کنارہ پکڑ لیں اور سب مل کر اس کو اٹھائیں۔(ح)

119 : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے فرزند کا نام کیا ہے؟

ج : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے فرزند کا نام قاسم ہے جو نبوت ملنے سے پہلے مکہ میں پیدا ہوئے۔(ط)

120 : حضور ﷺ کے دوسرے فرزند کا نام کیا ہے؟

ج : حضور ﷺ کے دوسرے فرزند کا نام عبداللہ ہے انہی کا لقب طیب وطاہر تھا۔(ط)

121 : حضورﷺ کی پہلی بیٹی کا نام کیا ہے؟

ج : حضورﷺ کی پہلی بیٹی کا نام زینب ہے (ط)

122 : حضورﷺ کی دوسری بیٹی کا نام کیا ہے؟

ج : حضورﷺ کی دوسری بیٹی کا نام رقیہ ہے۔(ط)

123 : حضورﷺ کی تیسری بیٹی کا نام کیا ہے؟

ج : حضورﷺ کی تیسری بیٹی کا نام ام کلثوم ہے۔(ط)

124 : حضورﷺ کی چوتھی بیٹی کا نام کیا ہے؟

ج : حضورﷺ کی چوتھی بیٹی کا نام فاطمہ ہے۔(ط)

125 : حضورﷺ کے بیٹوں اور بیٹیوں کی والدہ کا نام کیا ہے؟

ج : حضورﷺ کی تمام بیٹوں اور بیٹیوں کی والدہ کا نام خدیجہ الکبریٰ ہے۔(ط)

126 : حضورﷺ کے کس فرزند کا انتقال پہلے ہوا؟

ج : حضورﷺ کے پہلے فرزند قاسم کا انتقال پہلے ہوا۔(ط)

127 : حضورﷺ کے دونوں فرزندوں کا انتقال مکہ میں ہوا یا مدینہ میں؟

ج : حضورﷺ کے دونوں فرزندوں کا انتقال مکہ میں ہوا۔(ط)

128 : کس دشمن رسول نے حضورﷺ کے فرزندوں کے انتقال پر یہ کہا تھا کہ حضورﷺ کی اولاد منقطع ہوگئی؟

ج : عاص بن وائل دشمن رسول نے یہ بات کہی تھی۔(ط)

129 : عاص بن وائل کی اس بات کے جواب میں کونسی سورت نازل ہوئی؟

ج : اس کے جواب میں سورۂ کوثر نازل ہوئی۔(ط)

130 : سورۂ کوثر میں کیا کہا گیا؟

ج : سورۂ کوثر میں یہ کہا گیا کہ آپ کا دشمن بے نام ونشان ہے۔(ط)

131 : حضورﷺ کے بیٹے قاسم کا انتقال کس عمر میں ہوا؟

ج : حضورﷺ کے بیٹے قاسم کا انتقال دوسال کی عمر میں ہوا۔(ط)

132 : اُم المومنین حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن مبارک سے کون پیدا ہوئے؟

ج : اُم المومنین حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن مبارک سے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے۔(ط)

133 : کس بادشاہ نے حضور کی خدمت میں حضرت ماریہ قبطیہؓ کو بھیجا تھا؟

ج : بادشاہ ''مُقَوْقِسْ'' نے حضور کی خدمت میں حضرت ماریہ قبطیہؓ کو بھیجا تھا۔(ط)

134 : قس نامی بادشاہ نے جو خچر حضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا اس خچر کا نام کیا تھا؟

ج : اس خچر کا نام دلدل تھا۔(ط)

135 : حضور ﷺ نے حضرت ماریہ قبطیہؓ کو کس کے ہاں ٹھہرایا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت ماریہ قبطیہؓ کو اُم سلیم بنت ملحان کے ہاں ٹھہرایا۔(ط)

136 : حضور ﷺ نے اپنے بیٹے ابراہیم کو دودھ پلانے کے لئے کس کے سپرد کیا؟

ج : حضور ﷺ نے اپنے بیٹے ابراہیم کو اُم بردہؓ کے سپرد کیا۔(ط)

137 : ابراہیم کی وفات پر حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : ابراہیم کی وفات پر حضور ﷺ نے فرمایا، آنکھیں اشک بار ہیں اور دل رنجیدہ ہے مگر ہم ایسی بات نہیں کرتے جو پروردگار کو ناراض کردے۔(ط)

138 : ابراہیم کی وفات پر اسامہ بن زید چیخ کر رونے لگے تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، رونا رحمت سے ہے اور چیخنا شیطان سے ہے۔(ط)

139 : وفات کے وقت حضور ﷺ کے فرزند ابراہیم کی عمر کیا تھی؟

ج : حضور ﷺ کے فرزند ابراہیم کی عمر وفات کے وقت سولہ ماہ تھی۔(ط)

140 : جس دن حضور ﷺ کے فرزند ابراہیم کی وفات ہوئی کیا خاص واقعہ پیش آیا؟

ج : اس دن سورج گرہن کا واقعہ پیش آیا۔(ط)

141 : حضور ﷺ کے فرزند ابراہیم کی وفات کے وقت سورج گرہن ہوا تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں سورج اور چاند ہیں کسی کی موت سے ان میں گہن نہیں لگتا۔(ط)

142 : نبوت کا زمانہ جس قدر قریب ہوتا گیا حضور ﷺ میں کونسی عادت بڑھنے لگی؟

ج : نبوت کا زمانہ جس قدر قریب ہوتا گیا حضور ﷺ میں تنہا رہنے کی عادت بڑھنے لگی۔(ر)

143 : نبوت ملنے سے پہلے حضور ﷺ کہاں جا کر تنہا بیٹھا کرتے تھے؟

ج : نبوت سے پہلے حضور ﷺ غارِ حرا جا کر تنہا بیٹھا کرتے تھے۔ (ر)

144 : غارِ حرا میں حضور ﷺ کا عمل کیا تھا؟

ج : غارِ حرا میں حضور ﷺ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ذکر اور اس کی قدرت پر فکر فرماتے تھے۔ (ر)

145 : حضور ﷺ غارِ حرا جاتے تو اپنے ساتھ کیا لے جاتے تھے؟

ج : حضور ﷺ غارِ حرا جاتے تو اپنے ساتھ پانی اور ستو لے جاتے تھے۔ (ر۔الف)

146 : نبوت ملنے سے پہلے حضور ﷺ کو جو خواب آتے تھے ان کی کیفیت کیا تھی؟

ج : نبوت ملنے سے پہلے حضور ﷺ کو جو خواب آتے تھے وہ ایسے سچے ہوتے تھے کہ جو کچھ رات کو خواب میں دیکھ لیا کرتے دن میں ویسا ہی ظہور میں آ جاتا تھا۔ (ر۔الف)

147 : جس وقت نبوت عطا کی گئی حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

ج : جس وقت نبوت عطا کی گئی حضور ﷺ کی عمر مبارک چالیس سال تھی۔ (ح)

148 : انبیاء کرام علیہم السلام کو عموماً نبوت کتنی عمر میں دی گئی؟

ج : انبیاء کرام علیہم السلام کو عموماً چالیس سال کی عمر میں نبوت دی گئی۔ (ح)

149 : حضور ﷺ کو کس مہینہ میں نبوت دی گئی؟

ج : صحیح قول کے مطابق حضور ﷺ کو ماہِ ربیع الاول میں نبوت دی گئی۔ (ح)

150 : جس وقت حضور ﷺ کو نبوت ملی اس وقت شمسی تاریخ کیا تھی؟

ج : حضور ﷺ کو جس وقت نبوت ملی اس وقت شمسی تاریخ 12 رفروری 610 سن عیسوی تھی۔ (ر)

151 : جس وقت نبوت ملی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں تھے؟

ج : جس وقت نبوت ملی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غارِ حرا میں تھے۔ (ر)

152 : سب سے پہلی وحی کیا ہے؟

ج : سورۂ علق کی ابتدائی چار آیتیں، **اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ o خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ o اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ o الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ o** (ح)

153 : جس وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور ﷺ سے اقرأ (پڑھو) کہا حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا: ''مَا اَنَا بِقَارِیٍٔ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں''۔ (ح)

154 : غارِ حرا سے آ کر حضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے کیا کہا؟

ج : غارِ حرا سے آ کر حضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے کہا ''زَمِّلُوْنِیْ زَمِّلُوْنِیْ مجھ پر کمبل اڑھا دو

مجھ پر کمبل اڑھادو‘‘

155 : حضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے کس خدشہ کا اظہار فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے اس خدشہ کا اظہار فرمایا کہ مجھے اپنی جان کا ڈر ہو گیا ہے (ر)

156 : پہلی وحی کے بعد حضرت خدیجہؓ نے حضور ﷺ کو کن الفاظ میں تسلی دی؟

ج : حضرت خدیجہؓ نے اس طرح تسلی دی۔ آپ رشتہ داروں پر شفقت کرتے ہیں، سچ بولتے ہیں، بیواؤں، یتیموں اور بیکسوں کی مدد کرتے ہیں، مصیبت زدوں سے ہمدردی کرتے ہیں، مہمان نوازی کرتے ہیں، اللہ آپ کو کبھی ضائع نہیں کرے گا۔ (ر)

157 : حضرت خدیجہؓ حضور ﷺ کو دل کے اطمینان کے لئے کس کے پاس لے گئیں؟

ج : حضرت خدیجہؓ حضور ﷺ کو دل کے اطمینان کے لئے ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں۔ (ر)

158 : ورقہ بن نوفل رشتہ میں حضرت خدیجہؓ کو کیا لگتے تھے؟

ج : ورقہ بن نوفل رشتہ میں حضرت خدیجہؓ کو چچیرے بھائی لگتے تھے۔ (ر)

159 : ورقہ بن نوفل نے حضرت خدیجہؓ سے تمام باتیں سن کر کیا کہا؟

ج : ورقہ بن نوفل نے کہا یہی ہے وہ ناموس جو موسیٰ علیہ السلام پر اترا تھا کاش میں جوان ہوتا۔ کاش میں اس وقت تک زندہ رہتا جب قوم آپ کو نکالے گی۔ (ر)

160 : ورقہ بن نوفل کی یہ بات سن کر حضور ﷺ نے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے پوچھا کیا قوم مجھے نکال دے گی؟

161 : ورقہ بن نوفل نے حضور ﷺ کے اس سوال کا کیا جواب دیا؟

ج : ورقہ بن نوفل نے کہا ہاں! اس دنیا میں جس کسی نے ایسی تعلیم پیش کی اس سے شروع میں ایسی ہی دشمنی ہوتی رہی۔ (ر)

162 : غارِ حرا کے دامن میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور ﷺ کو لا کر کیا کیا؟

ج : حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور ﷺ کے سامنے خود وضو کیا حضور ﷺ نے بھی وضو کیا پھر دونوں نے مل کر نماز پڑھی۔

163 : نبوت ملنے کے بعد حضور ﷺ نے کیا کیا؟

ج : نبوت کے ملنے کے بعد حضور ﷺ نے گھر پہنچ کر تبلیغ شروع کی۔ (ر)

164 : پہلے ہی دن حضور ﷺ کی تبلیغ سے کون کون مسلمان ہوئے؟

ج : پہلے ہی دن کی تبلیغ سے حضرت خدیجہؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابوبکرؓ اور حضرت زید بن حارثہؓ مسلمان ہوئے۔ (ر)

165 : اس کے بعد چند ہی دنوں میں کون کون مسلمان ہوئے؟

ج : اس کے بعد چند ہی دنوں میں حضرت بلالؓ، حضرت عمرو بن عنبسہ، حضرت خالد بن سعید بن عاص رضی اللہ عنہم مسلمان ہوئے۔ (ر)

166 : حضرت ابوبکرؓ کی کوشش سے پہلے پہل کون کون مسلمان ہوئے؟

ج : حضرت ابوبکرؓ کی کوشش سے پہلے پہل حضرت عثمان غنیؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت سعد بن وقاصؓ مسلمان ہوئے۔ (ر)

167 : عورتوں میں حضرت خدیجہؓ کے بعد کون کون مسلمان ہوئیں؟

ج : عورتوں میں حضرت خدیجہؓ کے بعد حضرت ام الفضل، حضرت اسماء بنت عمیسؓ، حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ، حضرت فاطمہ بنت خطابؓ مسلمان ہوئیں۔ (ر)

168 : اسلام کے بالکل ابتدائی دور میں مسلمان کہاں جا کر نماز پڑھتے تھے؟

ج : اسلام کے بالکل ابتدائی دور میں مسلمان پہاڑ کی گھاٹی میں جا کر نماز پڑھتے تھے۔ (ر)

169 : حضور ﷺ نے کتنے سال تک خفیہ تبلیغ کی؟

ج : حضور ﷺ نے تین سال تک خفیہ تبلیغ کی۔ (ر)

170 : کن آیات کے ذریعہ علانیہ (کھل کر) تبلیغ کا حکم دیا گیا؟

ج : سورۂ مدثر کی ان آیات کے ذریعہ علانیہ تبلیغ کا حکم دیا گیا۔

یٰٓاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ o قُمْ فَاَنْذِرْ o وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ o اِلٰی آخِرِہٖ (ر)

171 : قریبی رشتہ داروں کو سمجھانے کا حکم حضور ﷺ کو کس آیت میں دیا گیا؟

ج : قریبی رشتہ داروں کو سمجھانے کا حکم اس آیت میں دیا گیا:

"وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے" (ر)

172 : حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کی خدمت میں کس کی شکل میں آتے تھے؟

ج : حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کی خدمت میں حضرت دحیہ کلبیؓ کی شکل میں آتے تھے۔ (ح)

173 : حضور ﷺ پر وحی آنے کی کیفیت کیسی ہوتی تھی؟

ج : حضور ﷺ پر وحی آنے کی کیفیت گھنٹی کی جھنکار کی طرح ہوتی تھی۔ (ح)

174 : حضور ﷺ اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے غارِ حرا میں کس پانی سے وضو کیا؟

ج : حضرت جبرئیل علیہ السلام نے زمین پر اپنا پاؤں مارا جس سے وہیں پانی کا ایک چشمہ پھوٹ گیا اس پانی سے دونوں نے وضو کیا۔ (ح)

175 : غارِ حرا سے آ کر حضور ﷺ نے سب سے پہلے کس کے سامنے وضو کیا؟

ج : غارِ حرا سے آ کر حضور ﷺ نے سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ کے سامنے وضو کیا۔ (ح)

176 : ابتداء اسلام میں کتنی نمازیں تھیں؟

ج : ابتداء اسلام میں دو نمازیں تھیں، دو رکعت طلوعِ شمس سے پہلے اور دو رکعت غروب شمس سے پہلے...... (ح)

177 : یہ دو نمازیں کب منسوخ ہو گئیں؟

ج : جب پانچ نمازیں فرض ہو گئیں تو یہ دو نمازیں منسوخ ہو گئیں۔ (ح)

178 : حضور ﷺ کو سب سے پہلے السلام علیک (اسلامی سلام) کہنے والے کون ہیں؟

ج : حضور ﷺ کو سب سے پہلے السلام علیک کہنے والے صحابی حضرت ابوذر غفاریؓ ہیں۔ (ح)

179 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی جیسی زاہدانہ زندگی گزارتے ہیں؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت ابوذر غفاریؓ کے بارے میں یہ جملہ اِرشاد فرمایا۔ (ح)

180 : حضور ﷺ اور صحابۂ کرام کے مشہور دشمنوں کے نام کیا ہیں؟

ج : حضور ﷺ اور صحابۂ کرام کے چند مشہور دشمنوں کے نام یہ ہیں۔ ابوجہل، ابولہب، اسود، حارث بن قیس، ولید بن مغیرہ، امیہ اُبی بن خلف، ابوقیس، نضر بن حارث، عاص بن وائل، سائب بن صیفی، عاص بن ہاشم، عقبہ بن ابی معیط، عتبہ، شیبہ......وغیرہ

181 : جب صحابۂ کرامؓ پر اہل مکہ کا ظلم حد سے بڑھ گیا تو حضور ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو کس بات کی اجازت دی؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت صحابۂ کرامؓ کو ہجرت کی اجازت دی۔ (ط)

182 : صحابۂ کرامؓ نے سب سے پہلی ہجرت کس ملک کی طرف کی؟

ج : صحابۂ کرامؓ نے سب سے پہلی ہجرت ملک حبشہ کی طرف کی۔(ط)

183 : حبشہ کی پہلی ہجرت میں کتنے صحابہ اور صحابیات تھے؟

ج : حبشہ کی پہلی ہجرت میں گیارہ صحابہ اور چار صحابیات تھے۔(ط)

184 : حبشہ کی پہلی ہجرت کس وقت ہوئی؟

ج : حبشہ کی پہلی ہجرت پانچ سن نبوی کو ماہِ رجب میں ہوئی۔(ط)

185 : حبشہ کی پہلی ہجرت میں حضور ﷺ کے کونسے بیٹی اور داماد تھے؟

ج : حبشہ کی پہلی ہجرت میں حضرت عثمانؓ اور حضرت رقیہ بنت رسول ﷺ تھے۔(ط)

186 : حبشہ کی دوسری ہجرت میں کتنے صحابی اور صحابیات تھے؟

ج : حبشہ کی دوسری ہجرت میں تراسی (83) صحابہ تھے اور گیارہ (11) صحابیات تھیں۔(ط)

187 : حضور ﷺ نے حبشہ کے بادشاہ نجاشی کو کس سن ہجری میں اسلام کی دعوت دی؟

ج : ۷/سن ہجری کو ماہِ ربیع الاول میں حضور ﷺ نے بادشاہ نجاشی کو اسلام کی دعوت دی۔(ط)

188 : کعبۃ اللہ میں نماز کی حالت میں حضور ﷺ پر کس نے اونٹ کی اوجھڑی ڈالی تھی؟

ج : کعبۃ اللہ میں نماز کی حالت میں حضور ﷺ پر عقبہ بن ابی معیط نے اونٹ کی اوجھڑی ڈالی تھی۔(ح)

189 : حضور ﷺ پر اونٹ کی اوجھڑی ڈالنے کا حکم کس نے دیا تھا؟

ج : ابوجہل نے اونٹ کے اوجھڑی ڈالنے کا حکم دیا تھا۔(ح)

190 : کس بد بخت نے حضور ﷺ کی گردنِ مبارک پر پاؤں رکھ کر دبایا تھا جبکہ آپ ﷺ سجدے میں تھے؟

ج : عقبہ بن معیط نے یہ گستاخی کی تھی۔(ح)

191 : حضور ﷺ جب حرم میں قرآن پڑھتے تو مشرکین کس طرح تکلیف پہنچاتے تھے؟

ج : مشرکین آپ ﷺ کو پریشان کرتے، تالیاں پیٹتے اور سیٹیاں بجاتے تھے۔(ح)

192 : حضرت بلالؓ کو اسلام لانے پر کون زیادہ تکلیفیں دیتا تھا؟

ج : حضرت بلالؓ کو اسلام لانے پر امیہ بن خلف زیادہ تکلیفیں دیتا تھا۔(ح)

193 : حضرت بلالؓ کو جب تکلیفیں دی جاتیں تو وہ کیا کہتے تھے؟

ج : حضرت بلالؓ کو جب تکلیفیں دی جاتیں تو وہ **احد احد** کہتے تھے۔(ح)

194 : حضورﷺ جب حضرت بلالؓ کو احد احد کہتے دیکھتے تو کس طرح تسلی دیتے تھے؟

ج : حضورﷺ فرماتے تھے، تمہیں یہ **احد احد** ہی نجات دلائے گا۔(ح)

195 : حضرت بلالؓ کو امیہ بن خلف سے خرید کر کس نے آزاد کیا؟

ج : حضرت بلالؓ کو امیہ بن خلف سے حضرت ابو بکرؓ نے خرید کر آزاد کیا۔(ح)

196 : حضرت خباب بن ارت کو اسلام لانے پر کون تکلیفیں دیا کرتی تھی؟

ج : حضرت خباب بن ارت کو اسلام لانے پر ایک عورت اُم انمار تکلیفیں دیا کرتی تھی۔(ح)

197 : حضورﷺ نے حضرت خباب کو مصیبت میں دیکھ کر کیا فرمایا؟

ج : حضورﷺ نے فرمایا اے اللہ! خباب کی مدد فرما۔(ح)

198 : حضرت عمار بن یاسرؓ کو اسلام لانے پر کس طرح تکلیفیں دی گئیں؟

ج : حضرت عمار بن یاسرؓ کو آگ سے جلا جلا کر ایذائیں پہنچائی گئیں۔(ح)

199 : حضرت عمار بن یاسر کی تکلیفوں کو دیکھ کر حضورﷺ کا عمل کیا رہا؟

ج : حضورﷺ نے حضرت عمار بن یاسر کے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا، اے آگ! ٹھنڈک اور سلامتی والی بن......جیسا کہ تو ابراہیم کے لئے ہوگئی تھی۔(ح)

200 : اسلام کی سب سے پہلی شہید خاتون کا نام کیا ہے؟

ج : اسلام کی سب سے پہلی شہید خاتون کا نام سُمَیَّہ ہے۔(ح)

201 : حضرت عمارؓ کی والدہ کا نام کیا ہے؟

ج : حضرت عمارؓ کی والدہ کا نام سمیہ ہے جو اسلام کی پہلی شہید خاتون ہیں۔(ح)

202 : حضرت عمارؓ کے والد کا نام کیا ہے؟

ج : حضرت عمارؓ کے والد کا نام یاسرؓ ہے۔(ح)

203 : حضرت عمارؓ حضرت یاسر اور حضرت سمیہ ان تمام کی تکلیفوں پر حضورﷺ نے کیا دعاء فرمائی؟

ج : حضورﷺ نے ان سب کے لئے یہ دعاء فرمائی، اے اللہ! آل یاسر کی مغفرت فرما(ح)

204 : حضرت سمیہؓ پر نیزہ مار کر قتل کرنے والا کون ہے؟

ج : حضرت سمیہؓ پر نیزہ مار کر قتل کرنے والا ابو جہل ہے۔(ح)

205 : مشرکوں نے حضورﷺ کے اور آپ کے خاندان کا بائیکاٹ کیا تو یہ سب کہاں چلے گئے؟

ج : حضورﷺ اور بنی ہاشم کے سارے لوگ شعب ابی طالب میں بند ہو گئے۔ (ح)

206 : حضورﷺ اپنے خاندان کے لوگوں کیساتھ کتنے سال تک شعب ابی طالب میں رہے؟

ج : حضورﷺ اپنے خاندان والوں کے ساتھ تین سال تک شعب ابی طالب میں رہے۔ (ح)

207 : جب حضرت ابوبکرؓ اہل مکہ کی تکلیفوں سے تنگ آ کر مکہ سے جانے لگے تو کس سے آپؓ کی ملاقات ہوئی؟

ج : اس وقت حضرت ابوبکرؓ کی ملاقات ابن الدغنہ سے ہوئی۔ (ح)

208 : ابن الدعنہ نے حضرت ابوبکرؓ کو مکہ سے جاتے دیکھا تو کیا پوچھا؟

ج : ابن الدغنہ نے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا کہ آپ کہاں جا رہے ہیں۔ (ح)

209 : حضرت ابوبکرؓ نے ابن الدغنہ کو کیا جواب دیا؟

ج : حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ مجھے میری قوم نے نکال دیا ہے اب کہیں بھی جا کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا چاہتا ہوں۔ (ح)

210 : ابن الدغنہ نے حضرت ابوبکرؓ سے کیا کہا؟

ج : ابن الدغنہ نے کہا کہ آپ جیسے آدمی کو کہیں جانے کی ضرورت نہیں آپ واپس چلئے اور اپنے وطن ہی میں اپنے رب کی عبادت کیجئے۔

211 : حضرت ابوبکرؓ کو کس نے پناہ دی جبکہ آپ مکہ واپس آئے؟

ج : حضرت ابوبکرؓ کو ابن الدغنہ نے پناہ دی جبکہ آپ مکہ واپس آئے۔ (ح)

212 : حضرت ابوبکرؓ جب اپنے گھر کے صحن میں قرآن مجید کی تلاوت کرتے تو اس کا کیا اثر ہوتا تھا؟

ج : حضرت ابوبکرؓ کی تلاوتِ قرآن کے دوران زار و قطار رونے کو دیکھ کر قریشی عورتیں ان کے پاس جمع ہو جاتیں۔ (ح)

213 : معراج کسے کہتے ہیں؟

ج : حضورﷺ نے مکہ سے بیت المقدس تک اور وہاں سے ساتویں آسماں اور **سدرۃ المنتھی** پر جو تشریف لے گئے اس واقعہ کو معراج کہتے ہیں۔ (خ)

214 : معراج کے کیا معنی ہیں؟

ج : معراج کے معنی سیڑھی کے ہیں۔ یہاں وہ واقعہ مراد ہے جو پیش آیا۔

215 : معراج کا واقعہ قرآن مجید کی کس سورت میں بتلایا گیا؟

ج : معراج کا واقعہ سورۂ بنی اسرائیل کی پہلی آیت میں بتلایا گیا ہے۔(خ)

216 : حضرت عمرؓ نے پہلے اسلام قبول کیا یا حضرت حمزہؓ نے......؟

ج : حضرت حمزہؓ نے پہلے اسلام قبول کیا پھر حضرت عمرؓ نے......(خ)

217 : حضرت عمرؓ کی بہن فاطمہ بنت خطاب کے شوہر کا نام کیا ہے؟

ج : حضرت عمرؓ کی بہن فاطمہ بنت خطاب کے شوہر کا نام سعید بن زید ہے۔(خ)

218 : حضرت عمرؓ کی بہن فاطمہ اور بہنوئی سعید بن زید کو کس نے قرآن مجید کی تعلیم دی؟

ج : ان دونوں کو حضرت خباب بن الارت نے قرآن مجید کی تعلیم دی۔(خ)

219 : معراج کا واقعہ ہجرت سے کتنے سال پہلے پیش آیا؟

ج : معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال پہلے پیش آیا(ح)

220 : معراج کی رات حضور ﷺ کہاں تھے؟

ج : ایک روایت یہ ہے کہ حضور حضرت ام ہانی کے گھر میں سوئے ہوئے تھے، اور یہ روایت بھی ہے کہ حضور ﷺ اس وقت مسجد حرام میں حطیم میں تھے۔(ح)

221 : کیا معراج کی رات بھی شق صدر کا واقعہ پیش آیا؟

ج : جی ہاں! معراج کی رات بھی شق صدر کا واقعہ پیش آیا۔

222 : حضور ﷺ نے جس سواری پر سوار ہو کر معراج کا سفر فرمایا اس کو کیا کہتے ہیں۔

ج : اس کو براق کہتے ہیں۔(ح)

223 : براق کو براق کیوں کہا گیا؟

ج : اس لئے کہ وہ برق رفتار تھی وہ بجلی کی طرح تیز تھی......(ح)

224 : حضور ﷺ کے واقعۂ معراج کی تصدیق سب سے پہلے کس نے کی؟

ج : حضور کے واقعۂ معراج کی تصدیق سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کی۔(ح)

225 : معراج کی رات بیت المقدس جاتے ہوئے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور ﷺ کو جس مقام پر نماز پڑھنے کا حکم دیا وہ کونسا مقام تھا؟

ج : وہ مدینۂ طیبہ تھا جہاں نماز پڑھنے کا حکم حضور ﷺ کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دیا۔

226 : ہجرت سے کتنے ماہ پہلے معراج کا واقعہ پیش آیا؟

ج : ہجرت سے اٹھارہ ماہ پہلے معراج کا واقعہ پیش آیا۔(ط)

227 : معراج کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ کونسے مشہور فرشتے تھے؟

ج : معراج کے وقت حضور کے ساتھ حضرت جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام تھے۔(ط)

228 : یہ دونوں فرشتے حضور ﷺ کو پہلے کہاں لے گئے؟

ج : یہ دونوں فرشتے حضور ﷺ کو پہلے مقامِ ابراہیم اور چشمۂ زمزم کے درمیان لے گئے۔(ط)

229 : بیت المقدس پہنچ کر حضور ﷺ نے کس سے ملاقات کی؟

ج : بیت المقدس پہنچ کر حضور ﷺ نے انبیاء کرام علیہم السلام سے ملاقات کی۔(ط)

230 : جب تمام انبیاء نے نماز ادا کی تو امامت کے لئے حضور ﷺ کو کس نے آگے کیا؟

ج : جب تمام انبیاء نے نماز ادا کی تو امامت کے لئے حضور ﷺ کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آگے کیا۔(ط)

231 : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کا یہ واقعہ سب سے پہلے کس کو بیان کیا؟

ج : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کا یہ واقعہ سب سے پہلے اپنی پھوپھی حضرت ام ہانی سے بیان کیا۔(ط)

232 : معراج کا واقعہ سن کر ام ہانی نے حضور ﷺ سے کیا کہا؟

ج : معراج کا واقعہ سن کر ام ہانی نے حضور ﷺ سے کہا یہ بات لوگوں سے بیان نہ کرو۔(ط)

233 : پہلے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج : پہلے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی۔(ح)

234 : دوسرے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج : دوسرے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات حضرت عیسیٰ علیہ السلام وحضرت یحییٰ علیہ السلام سے ہوئی۔(ح)

235 : تیسرے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج : تیسرے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات حضرت یوسف علیہ السلام سے ہوئی۔(ح)

236 : چوتھے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج : چوتھے آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات حضرت اِدریس علیہ السلام سے ہوئی۔(ح)

237 : پانچویں آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج : پانچویں آسمان پر حضور ﷺ سے ملاقات حضرت ہارون علیہ السلام سے ہوئی۔(ح)

238 : چھٹویں آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج : چھٹویں آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ہوئی۔(ح)

239 : ساتویں آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج : ساتویں آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی۔(ح)

240 : ساتویں آسمان کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کو کہاں لے گئے؟

ج : ساتویں آسمان کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کو **سدرۃ المنتھی** لے گئے۔(ح)

241 : حضور ﷺ کو **سدرۃ المنتھی** کے بعد کہاں کی سیر کرائی گئی؟

ج : حضور ﷺ کو **سدرۃ المنتھی** کے بعد جنت کی سیر کرائی گئی۔(ح)

242 : حضور ﷺ نے **سدرۃ المنتھی** کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، اس درخت کی جڑ سے چار نہریں پھوٹ رہی ہیں دو نہریں اندرونی اور دو نہریں ظاہری......(ح)

243 : حضور ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اپنی اصلی شکل میں کہاں دیکھا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اپنی اصلی شکل میں **سدرۃ المنتھی** کے پاس دیکھا(ح)

244 : **سدرۃ المنتھی** پر حضور ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے بھی آگے بڑھنے کو کہا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج : حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا میں یہاں سے آگے بڑھا تو جل کر راکھ ہو جاؤں گا۔(ح)

245 : اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے سب سے پہلے دن ورات میں کتنی نمازیں فرض کیں؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے دن اور رات میں پچاس نمازیں فرض کیں۔(ح)

246 : پچاس نمازوں کی فرضیت لے کر حضور ﷺ آئے تو چھٹویں آسمان پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کیا پوچھا؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضور ﷺ سے پوچھا آپ کے رب نے کیا فرض فرمایا ہے؟(ح)

247 : حضور ﷺ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس سوال کا کیا جواب دیا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ پچاس نمازیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرض کی ہیں۔(ح)

248 : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضور ﷺ کو کیا مشورہ دیا؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا آپ اپنے رب کے پاس واپس جایئے اور اس میں کمی کی درخواست کیجئے۔ (ح)

249 : کیا حضور ﷺ نمازوں کی کمی کی درخواست کے لئے دوبارہ گئے؟

ج : ہاں! حضور ﷺ واپس اپنے پروردگار کے پاس گئے۔ (ح)

250 : کیا اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حضور ﷺ کی درخواست کو قبول کیا؟

ج : ہاں! اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے پانچ نمازیں کم کیں پھر پانچ نمازیں کم کیں یہاں تک کہ پانچ نمازیں دن اور رات میں فرض کر دی گئیں۔ (ح)

251 : حضرت خدیجہؓ کی وفات ہجرت سے کتنے سال پہلے ہوئی؟

ج : حضرت خدیجہؓ کی وفات ہجرت سے تین سال پہلے ہوئی۔ (خ)

252 : حضرت خدیجہؓ کی وفات کے کتنے دن بعد ابوطالب کا انتقال ہوا؟

ج : حضرت خدیجہؓ کی وفات کے (پینتیس 35 یا پچپن 55) دن کے بعد ابوطالب کا انتقال ہوا۔ (خ)

253 : نبی کریم ﷺ کس شہر کے سرداروں کو دعوت دینے کے لئے مکہ سے باہر تشریف لے گئے؟

ج : نبی کریم ﷺ طائف کے سرداروں کو دعوتِ اسلام دینے کے لئے طائف تشریف لے گئے۔ (خ)

254 : طائف کے سرداروں نے پیارے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج : طائف کے سرداروں نے پیارے نبی کریم ﷺ کی دعوت کا انکار کیا اور اوباش لڑکوں کو آپ ﷺ کے پیچھے لگا دیا۔ (خ)

255 : حضور ﷺ نے سب سے پہلے طائف کے کس قبیلہ کے سرداروں سے ملاقات کی؟

ج : حضور ﷺ نے یہاں سب سے پہلے قبیلۂ ثقیف کے سرداروں سے ملاقات کی۔ (ح)

256 : طائف کے سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ کون تھے؟

ج : طائف کے سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ تھے۔ (ح)

257 : حضور ﷺ نے جس باغ میں پناہ لی وہاں کس نے حضور ﷺ کے سامنے انگور پیش کئے؟

ج : عداس نامی شخص نے حضور ﷺ کے سامنے انگور پیش کئے۔ (ح)

258 : حضور ﷺ نے جب انگور کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا تو کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے جب انگور کی طرف ہاتھ بڑھایا تو **بسم اللہ** فرمایا۔ (ح)

259 : طائف سے واپسی پر دو فرشتوں نے حضور ﷺ سے کیا کہا؟

ج : ان دو فرشتوں نے کہا کہ طائف کے قبیلۂ بنی ثقیف کو دو پہاڑوں کے درمیان کچل دیا جائے۔ (ح)

260 : حضور ﷺ نے فرشتوں کی اس پیشکش کا کیا جواب دیا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا نہیں! میری آرزو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اولاد میں ضرور ایسے لوگ پیدا فرمائے گا جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عبادت کریں گے۔ (ح)

261 : حضور ﷺ نے طائف میں کتنے دن قیام کیا؟

ج : حضور ﷺ ایک مہینہ دس دن طائف میں قیام فرمایا۔ (ح)

262 : طائف سے نکل کر حضور ﷺ کس کے باغ کی دیوار کی اوٹ میں بیٹھ گئے؟

ج : عتبہ، شیبہ اور ربیعہ کے لڑکوں کے باغ کی دیوار کی اوٹ میں بیٹھ گئے۔ (خ)

263 : طائف سے واپسی کے بعد حضور ﷺ کس کے پڑوس میں ٹھہرے؟

ج : طائف سے واپسی کے بعد حضور ﷺ مطعم بن عدی کے پڑوس میں ٹھہرے۔ (خ)

264 : خزرج کے چھ آدمیوں نے حضور ﷺ سے کس مقام پر ملاقات کی؟

ج : خزرج کے چھ آدمیوں نے حضور ﷺ سے عقبہ نامی مقام پر ملاقات کی۔ (خ)

265 : خزرج کے ان چھ آدمیوں کے نام کیا ہیں جنہوں نے آپ ﷺ سے عقبہ میں ملاقات کی؟

ج : ان چھ آدمیوں کے نام ہیں، ابوامامہ اسعد بن زرارہ، عوف بن الحرث، رافع بن مالک، قطبہ بن عامر، عقبہ بن عامر، جابر بن عبداللہ...... (خ)

266 : خزرج کے وہ چھ آدمی جنہوں نے عقبہ میں حضور ﷺ سے ملاقات کی مدینہ میں کہاں رہتے تھے؟

ج : خزرج کے یہ چھ آدمی مدینہ میں یہود کے پڑوس میں رہتے تھے۔ (خ)

267 : خزرج کے یہ چھ آدمی کیا اسلام کی دولت سے سرفراز ہو گئے؟

ج : جی ہاں! ان چھ آدمیوں نے حضور ﷺ کی رسالت کی تصدیق کی اور ایمان لے آئے۔ (خ)

268 : خزرج کے ان چھ آدمیوں نے عقبہ میں آپ ﷺ کے ہاتھ جو بیعت کی اس کا نام کیا ہے؟

ج : اس بیعت کا نام بیعت عقبہ ہے۔ (خ)

269 : خزرج کے ان چھ آدمیوں نے مدینہ پہنچ کر کیا کیا؟

ج : خزرج کے ان چھ آدمیوں نے مدینہ پہنچ کر اسلام کی دعوت دینی شروع کی۔(خ)

270 : بیعت عقبہ کے دوسرے سال مدینہ کے کتنے لوگ مکہ تشریف لائے؟

ج : بیعت عقبہ کے دوسرے سال مدینہ کے بارہ بزرگ مکہ تشریف لائے۔(خ)

271 : مدینہ کے بارہ لوگوں نے حضور ﷺ سے کہاں ملاقات کی؟

ج : مدینہ کے ان بارہ لوگوں نے عقبہ کے قریب حضور ﷺ سے ملاقات کی۔(خ)

272 : مدینہ کے ان بارہ لوگوں نے حضور ﷺ سے بیعت کی؟

ج : ہاں! مدینہ کے ان بارہ لوگوں نے کیا حضور ﷺ سے بیعت کی۔(خ)

273 : مدینہ کے ان بارہ لوگوں نے عقبہ کے قریب جو بیعت کی اس کا نام کیا ہے؟

ج : اس کا نام بیعت النساء ہے۔(خ)

274 : بیعت النساء کے بعد مدینہ کے ان بارہ لوگوں کے ساتھ حضور ﷺ نے قرآن مجید پڑھانے کے لئے کس کو بھیجا؟

ج : بیعت النساء کے بعد مدینہ کے بارہ لوگوں کے ساتھ حضور ﷺ نے حضرت ابن ام کلثوم اور حضرت مصعب بن عمیرؓ کو بھیجا۔(خ)

275 : حضرت ابن ام کلثوم اور حضرت مصعب بن عمیرؓ مدینہ پہنچ کر کس کے مکان پر اترے؟

ج : حضرت ابن ام کلثوم اور حضرت مصعب بن عمیرؓ مدینہ پہنچ کر اسعد بن زرارہ کے مکان پر اترے(خ)

276 : حضرت مصعب ابن عمیرؓ کی کوشش سے مدینہ میں کیا اثرات مرتب ہوئے؟

ج : حضرت مصعب بن عمیرؓ کی کوشش سے انصار کی ایک بڑی جماعت اسلام میں داخل ہوگئی۔(خ)

277 : حضرت مصعب بن عمیرؓ نے مدینہ میں سال بھر قیام کے بعد کیا کیا؟

ج : حضرت مصعب بن عمیرؓ ایک سال کے قیام کے بعد حج ادا کرنے کی غرض سے مدینہ کے ان لوگوں کو جو ایمان لا چکے تھے اپنے ہمراہ لے کر مکہ تشریف لائے۔(خ)

278 : مصعب بن عمیرؓ نے انصار کی جماعت کے ساتھ حضور ﷺ سے کب اور کہاں ملاقات کی؟

ج : مصعب بن عمیرؓ نے انصار کی جماعت کے ساتھ ایام تشریق میں عقبہ کے قریب حضور ﷺ سے ملاقات کی۔(خ)

279 : مصعب بن عمیرؓ کے ساتھ آئے ہوئے انصار سے حضور ﷺ نے جو بیعت کی اس کا نام کیا ہے؟

ج : مصعب بن عمیرؓ کے ساتھ آئے ہوئے انصار سے حضور ﷺ نے جو بیعت کی وہ بیعت عقبہ ثانی ہے(خ)

280: مصعب بن عمیرؓ کے ساتھ آئے ہوئے انصار میں اسلام لانے میں کس نے سبقت کی؟

ج : مصعب بن عمیرؓ کے ساتھ آئے ہوئے انصار میں اسلام لانے میں حضرت براء بن معرورؓ نے سبقت کی۔(خ)

281 : بیعت عقبہ ثانی میں مدینہ کے کتنے لوگ تھے جنہوں نے اسلام قبول کیا؟

ج : بیعت عقبہ ثانی میں مدینہ کے (73) مردوں اور دو عورتوں نے اسلام قبول کیا۔(خ)

282 : بیعت عقبہ ثانی میں حضور ﷺ نے کتنے لوگوں کو نقیب (حکام) منتخب کیا؟

ج : بیعت عقبہ ثانی میں حضور ﷺ نے بارہ نقیب منتخب فرمائے۔(خ)

283 : بارہ نقیبوں میں کس کس قبیلہ کے افراد تھے؟

ج : بارہ نقیبوں میں نو آدمی قبیلۂ خزرج کے تھے اور تین آدمی قبیلۂ اوس کے تھے۔(خ)

284 : حضور ﷺ نے ان بارہ نقیبوں سے کیا فرمایا جن کو بیعت عقبہ ثانی میں منتخب فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا تم لوگ اپنی قوم کی تعلیم و تعلم کے ذمہ دار ہو جیسا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری ذمہ دار تھے۔(خ)

285 : کیا آپ ان بارہ نقیبوں کے نام بتلا سکتے ہیں جن کو حضور ﷺ نے بیعت عقبہ ثانی میں منتخب فرمایا؟

ج : ہاں! وہ بارہ نقیب یہ ہیں۔اسعد بن زرارہ، رافع بن مالک، عبادہ بن الصامت، سعد بن الربیع، عبداللہ بن رواحہ، براء بن معرور، ابو جابر عبداللہ، سعد بن عبادہ، منذر بن عمرو، اسید بن حضیر، سعد بن خیثمہ، رفاعہ بن المنذر......(خ)

286 : ابوطالب کی گھاٹی میں جب مسلمان زندگی بسر کر رہے تھے اس وقت وہ کونسے صحابی پیدا ہوئے جو آگے چل کر مشہور مفسر بن گئے؟

ج : اس زمانہ میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ پیدا ہوئے۔(ح)

287 : کیا شعب ابی طالب میں حضور ﷺ کے ساتھ حضرت خدیجہؓ بھی تھیں؟

ج : ہاں! مکہ کی مالدار خاتون اُم المومنین حضرت خدیجہؓ بھی ابوطالب کی گھاٹی میں حضور ﷺ کے ساتھ تھیں۔(ح)

288 : قریش نے مسلمانوں کے بائیکاٹ کا جو حلف نامہ کعبۃ اللہ میں لٹکایا تھا اس کو کس نے چاٹ لیا تھا؟

ج : اس حلف نامہ کو دِیمک نے چاٹ لیا تھا۔(ح)

289 : حلف نامہ کو دِیمک نے چاٹ لیا تھا، اس کی اطلاع حضور ﷺ کو کس نے دی؟

ج : حلف نامہ کے چاٹ لیئے جانے کی اطلاع اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ نے حضور ﷺ کو دی۔(ح)

290 : حلف نامہ کے چاٹ لینے کی اطلاع ابوطالب کو کس نے دی؟

ج : حلف نامہ کے چاٹ لینے کی اطلاع ابوطالب کو حضور ﷺ نے دی۔(ح)

291 : حضور ﷺ کے پاس نجران کے جو لوگ آئے تھے کیا وہ عیسائی تھے؟

ج : ہاں! نجران کے یہ لوگ عیسائی تھے۔(ح)

292 : نجران نامی بستی کہاں تھی؟

ج : نجران مکہ اور یمن کے درمیان کی ایک بستی ہے جہاں نصرانی رہا کرتے تھے۔(ح)

293 : نجران سے جو وفد مکہ آیا تھا اس وفد میں کتنے آدمی تھے؟

ج : نجران سے جو وفد مکہ آیا تھا اس وفد میں بیس آدمی تھے۔(ح)

294 : نجران سے آئے وفد نے حضور ﷺ سے کس مقام پر ملاقات کی؟

ج : نجران سے آئے وفد نے حضور ﷺ سے حرم میں ملاقات کی۔(ح)

295 : نجران سے آئے ہوئے وفد کو حضور ﷺ نے کس بات کی دعوت دی؟

ج : نجران سے آئے ہوئے وفد کو حضور ﷺ نے اسلام کی دعوت دی۔(ح)

296 : کیا نجران سے آئے ہوئے وفد نے حضور ﷺ کے دستِ مبارک پر اسلام قبول کر لیا؟

ج : ہاں! نجران سے آئے وفد نے اسلام قبول کر لیا۔(ح)

297 : نجران کے وفد نے جب اسلام قبول کیا تو کس نے انہیں روکا اور برا بھلا کہا؟

ج : نجران کے وفد نے جب اسلام قبول کیا تو ابوجہل اور چند دوسرے قریشی سرداروں نے انہیں روکا اور برا بھلا کہا۔(ح)

298 : جس وقت ابوطالب اور حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا نبوت کا وہ کونسا سال تھا؟

ج : یہ نبوت کا دسواں سال تھا۔(ح)

299 : حضرت خدیجہؓ شادی کے بعد کتنے سال تک زندہ رہیں؟

ج : حضرت خدیجہؓ شادی کے بعد پچیس سال تک زندہ رہیں۔(ح)

300 : حضرت خدیجہؓ کی وفات کس مہینہ میں ہوئی؟

ج : حضرت خدیجہؓ کی وفات ماہِ رمضان میں ہوئی۔

301 : حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد حضور ﷺ نے کس سے نکاح فرمایا؟

ج : حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد حضور ﷺ نے حضرت سودہؓ سے نکاح فرمایا۔(ح)

302 : حضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے نکاح کا پیغام کس کے ذریعہ بھیجا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے نکاح کا پیغام حضرت خولہؓ کے ذریعہ بھیجا۔(ح)

303 : حضرت عائشہؓ کی والدہ محترمہ کا نام کیا ہے؟

ج : حضرت عائشہؓ کی والدہ محترمہ کا نام اُم رومان ہے۔(ح)

304 : حضرت عائشہؓ کس کی بیٹی ہیں؟

ج : حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی ہیں۔(ح)

305 : نصیبین کے سات جنوں کی جماعت نے پیارے نبی ﷺ سے کس مقام پر ملاقات کی؟

ج : نصیبین کے سات جنوں کی جماعت نے پیارے نبی ﷺ سے نخلہ کے مقام پر ملاقات کی۔(ح)

306 : نخلہ نامی مقام کہاں تھا؟

ج : نخلہ نامی مقام مکہ اور طائف کے درمیان تھا۔(ح)

307 : نصیبین کس ملک کا شہر تھا؟

ج : نصیبین ملک شام کا ایک شہر تھا، ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ یمن کا شہر تھا۔(ح)

308 : نصیبین کے جنوں نے نخلہ میں پیارے نبی ﷺ کو کس حالت میں دیکھا؟

ج : نصیبین کے جنوں نے نخلہ میں پیارے نبی ﷺ کو قرآن مجید کی تلاوت کرتے دیکھا۔(ح)

309 : پیارے نبی ﷺ مقامِ نخلہ میں کس سورت کی تلاوت فرما رہے تھے؟

ج : پیارے نبی ﷺ مقامِ نخلہ میں سورۂ جن کی تلاوت فرما رہے تھے جبکہ جنوں کی جماعت کا وہاں سے گزر ہوا۔(ح)

310 : پیارے نبی ﷺ کی زبانِ مبارک سے تلاوتِ قرآن سن کر جنوں پر کیا اثر ہوا؟

ج : پیارے نبی ﷺ کی زبانِ مبارک سے تلاوتِ قرآن سن کر جنات مسلمان ہو گئے۔(ح)

311 : پیارے نبی ﷺ پر ایمان لانے سے پہلے نصیبین کے جنات یہودی تھے یا مشرک؟

ج : پیارے نبی ﷺ پر لانے سے پہلے نصیبین کے جنات یہودی تھے۔(ح)

312 : نبوت ملنے کے بعد آں حضرت ﷺ مکہ میں کتنے سال مقیم رہے؟

ج : حضرت ابن عباسؓ کے مطابق آں حضرت ﷺ نبوت ملنے کے بعد مکہ میں تیرہ سال تک مقیم رہے۔(ط)

313 : ستر سے زائد انصار آں حضرت ﷺ پر ایمان لائے اور مدینہ گئے اور مکہ میں موجود صحابہ نے مدینہ ہجرت کی اجازت مانگی تو آں حضرت ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : آں حضرت ﷺ نے فرمایا مجھے تمہاری ہجرت کی جگہ خواب میں دکھائی گئی۔(ط)

314 : آں حضرت ﷺ کے صحابہ میں مکہ سے سب سے پہلے مدینۂ منورہ کون آئے؟

ج : آں حضرت ﷺ کے صحابہ میں مکہ سے سب سے پہلے مدینۂ منورہ ابوسہلہ بن عبداللہ آئے۔(ط)

315 : ابوسلمہ بن عبداللہؓ کے بعد مکہ سے مدینہ کس نے ہجرت کی؟

ج : ابوسلمہ بن عبداللہؓ کے بعد مکہ سے مدینہ عامر بن ربیعہ پہنچے۔(ط)

316 : جب تمام صحابہ نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی تو آخر میں صرف کون باقی رہ گئے تھے؟

ج : جب تمام صحابہ ہجرت کر چکے تو صرف حضرت ابوبکرؓ اور حضرت علیؓ مکہ میں رہ گئے تھے۔(ط)

317 : جب تمام صحابہ نے ہجرت کی تو اہل مکہ حضور ﷺ کے بارے میں مشورہ کے لئے کہاں جمع ہوئے؟

ج : جب تمام صحابہ نے ہجرت کی تو اہل مکہ حضور ﷺ کے بارے میں مشورہ کے لئے دارالندوہ میں جمع ہوئے۔(ط)

318 : دارالندوہ میں ابوجہل نے حضورِ اکرم ﷺ کے بارے میں کیا رائے دی؟

ج : ابوجہل نے یہ رائے دی کہ قریش کے ہر ہر قبیلہ کا ایک ایک شخص ایک ساتھ محمد پر حملہ کر دے۔(ط)

319 : دارالندوہ میں ابلیس کس شکل میں پہنچا تھا؟

ج : دارالندوہ میں ابلیس نجد کے ایک بوڑھے شخص کی شکل میں پہنچا تھا۔(ط)

320 : ابلیس نے ابوجہل کی رائے کے بارے میں کیا کہا؟

ج : ابلیس نے کہا کہ ابوجہل کی یہ رائے ہی درست ہے ورنہ پھر کچھ بھی ہوسکتا ہے۔(ط)

321 : دارالندوہ میں کس کی رائے پر فیصلہ ہوا؟

ج : دارالندوہ میں ابوجہل کی رائے پر فیصلہ ہوا۔(ط)

322 : حضورِ اکرم ﷺ کا قتل کے فیصلہ جو دارالندوہ میں ہوا اس کی اطلاع حضور ﷺ کو کس نے دی؟

ج : حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے حضورِ اکرم ﷺ کو اس بات کی اطلاع دی۔(ط)

323 : حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے حضور ﷺ کو کیا مشورہ دیا؟

ج : حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے حضور ﷺ سے کہا کہ آج رات آپ اپنے بستر پر نہ سوئیں (ط)

324 : حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے حضور ﷺ کو دارالندوہ کے فیصلہ کی اطلاع دی تو حضور ﷺ کس صحابی کے پاس گئے؟

ج : حضورِ اکرم ﷺ اس اطلاع کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس گئے۔(ط)

325 : حضورِ اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس جا کر کیا خوشخبری دی؟

ج : حضورِ اکرم ﷺ نے یہ خوشخبری دی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے روانگی کی اجازت دے دی ہے۔(ط)

326 : حضورِ اکرم ﷺ نے جب حضرت ابوبکرؓ کو ہجرت کی اطلاع دی تو حضرت ابوبکرؓ نے حضور ﷺ

سے کیا پوچھا؟

ج : حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا کیا میں بھی ہجرت میں آپ ﷺ کے ساتھ رہوں گا؟۔(ط)

327 : حضرت ابوبکرؓ نے حضور ﷺ سے جب یہ دریافت کیا کہ کیا میں بھی ہجرت میں آپ ﷺ کے ہمراہ رہوں گا تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور نے فرمایا، ہاں!......(ط)

328 : ہجرت کی رات حضور ﷺ نے اپنے بستر پر کس کو سونے کا حکم دیا؟

ج : ہجرت کی رات حضور ﷺ نے اپنے بستر پر حضرت علیؓ کو سونے کا حکم دیا۔(ط)

329 : حضرت علیؓ نے ہجرت کی رات کونسی چادر اوڑھی تھی؟

ج : حضرت علیؓ نے ہجرت کی رات ایک سرخ حضرمی چادر اوڑھی تھی۔(ط)

330 : حضرت ابوبکرؓ نے ہجرت کے لئے کتنی سواریاں خریدی تھیں؟

ج : حضرت ابوبکرؓ نے ہجرت کے لئے دو اونٹنیاں خریدی تھیں۔(ط)

331 : حضرت ابوبکرؓ نے ہجرت کے لئے جو دو اونٹنیاں خریدی تھیں ان کی قیمت کیا تھی؟

ج : حضرت ابوبکرؓ نے جو دو اونٹنیاں خریدی تھیں ان کی قیمت آٹھ سو درہم تھی۔(ط)

332 : حضرت عمرؓ کی ہجرت کی کیفیت کیا تھی؟

ج : حضرت عمرؓ نے کھلم کھلا اور علی الاعلان ہجرت کی۔(ح)

333 : تمام صحابۂ کرام کی مدینہ کی طرف ہجرت کی کیفیت کیا تھی؟

ج : تمام صحابۂ کرام کی مدینہ کی طرف ہجرت چھپ چھپ کر اور خاموشی سے ہوئی۔(ح)

334 : حضرت عمرؓ نے ہجرتِ مدینہ سے پہلے کہاں گئے اور کیا عمل کیا؟

ج : حضرت عمرؓ نے ہجرتِ مدینہ سے پہلے بیت اللہ جا کر طواف کیا اور مقام ابرہیم پر دو رکعت نماز ادا کی (ح)

335 : صحابہ کرامؓ کی ہجرت کے آغاز اور حضور ﷺ کی ہجرت کے درمیان کتنی مدت گزری؟

ج : صحابہ کرامؓ کی ہجرت کے آغاز اور حضور ﷺ کی ہجرت کے درمیان ڈھائی ماہ کی مدت گزری۔(ح)

336 : قریش کا دارالندوہ دراصل کس کا مکان تھا؟

ج : قریش کا دارالندوہ دراصل قصی بن کلاب کا مکان تھا۔(ح)

337 : قریش کا دارالندوہ جو قصی بن کلاب کا مکان تھا اس کو بعد میں کس نے خرید لیا؟

ج : اس مکان کو حضرت امیر معاویہ نے خرید لیا۔(ح)

338 : دارالندوہ جو قصی بن کلاب کا مکان تھا اس کو حضرت معاویہ نے کتنی قیمت میں خریدا تھا؟

ج : اس مکان کو حضرت معاویہ نے ایک لاکھ درہم میں خریدا تھا۔(ح)

339 : دارالندوہ کے مشورہ میں ابوالبختری نے حضور ﷺ کے بارے میں کیا رائے دی؟

ج : محمد کو بیڑیاں پہنا کر ایک کوٹھڑی میں بند کر دیا جائے (نعوذ باللہ)۔(ح)

340 : ہجرت کی رات حضور ﷺ کے مکان کا محاصرہ کرنے والوں کی تعداد کیا تھی؟

ج : ہجرت کی رات حضور ﷺ کے مکان کا محاصرہ کرنے والوں کی تعداد ایک سو تھی۔(ح)

341 : حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کو اپنے بستر پر سونے کا حکم دیتے ہوئے کیا تسلی دی؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا تمہارے ساتھ کوئی ناگوار حادثہ پیش نہیں آئے گا۔(ح)

342 : ہجرت کی رات حضور ﷺ کے مکان کا محاصرہ کرنے والے مشہور لوگ کون کون تھے؟

ج : حکم ابن العاص، عقبہ بن ابی معیط، نضر بن حرث، امیہ بن خلف، زمعہ بن اسود، ابولہب اور ابوجہل وغیرہ نے یہ محاصرہ کیا تھا۔(ح)

343 : ہجرت کی رات اپنے مکان سے نکلتے ہوئے حضور ﷺ نے کس سورت کی آیتیں تلاوت کی تھیں؟

ج : ہجرت کی رات اپنے مکان سے نکلتے ہوئے حضور ﷺ نے سورۂ یٰسین کی ابتدائی آیتوں کی تلاوت کی تھی۔(ح)

344 : حضور ﷺ کی ہجرت کا واقعہ کس قمری تاریخ کو پیش آیا؟

ج : یہ واقعہ ۲۷/ ماہِ صفر، ۱۳سن نبوت کو پیش آیا۔(ر)

345 : حضور ﷺ کی ہجرت کا واقعہ کس شمسی تاریخ کو پیش آیا؟

ج : یہ واقعہ 12/ ستمبر 612 سن عیسوی کو پیش آیا۔(ر)

346 : ہجرت کے وقت کس نے اپنا کمر بند کاٹ کر ستوؤں کے تھیلے کا منہ باندھا؟

ج : حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی حضرت اسماءؓ نے اپنا کمر بند کاٹ کر تھیلے کا منہ باندھا۔(ر)

347 : مکہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر غارِ ثور ہے؟

ج : مکہ سے چار پانچ میل کے فاصلہ پر غار ثور ہے۔(ر)

348 : مکہ سے غارِ ثور تک کا راستہ کیسا تھا؟

ج : مکہ سے غارِ ثور کا راستہ سنگلاخ تھا پتھر نوکیلے تھے جس سے حضور ﷺ کے پیر مبارک زخمی ہو رہے تھے۔(ر)

349 : ہجرت کے دوران ٹھوکر لگنے سے حضور ﷺ کو تکلیف ہو رہی تھی تو کس نے آپ ﷺ کو کندھے پر بٹھا لیا؟

ج : حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضور ﷺ کو اس وقت کندھے پر بٹھالیا۔(ر)

350 : کوہِ ثور پر پہنچنے کے بعد سب سے پہلے غار میں داخل ہو کر کس نے صفائی کی؟

ج : حضرت ابوبکر صدیقؓ نے غار میں پہلے داخل ہو کر صفائی کی۔(ر)

351 : غارِ ثور میں کس نے اپنے جسم کے کپڑے پھاڑ کر غار کے سوراخ بند کئے؟

ج : حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے جسم کے کپڑے پھاڑ پھاڑ کر غار کے سوراخ بند کئے۔(ر)

352 : جب مشرکین مکہ نے حضرت علیؓ سے حضور ﷺ کے بارے میں یہ دریافت کیا کہ محمد کہاں ہیں تو حضرت علیؓ نے کیا جواب دیا؟

ج : حضرت علیؓ نے فرمایا مجھے کیا خبر! کیا میں پہرہ داری کر رہا تھا۔(ر)

353 : مشرکین مکہ نے حضرت علیؓ سے ہجرت کے دن کیا برتاؤ کیا؟

ج : مشرکین مکہ نے حضرت علیؓ پر حملہ کیا ان کو مارا اور خانۂ کعبہ تک پکڑ لائے تھوڑی دیر تک روکے رکھا پھر چھوڑ دیا۔(ر)

354 : مشرکین مکہ کو جب یہ اطلاع ملی کہ محاصرہ کے دن حضور ﷺ اپنے گھر سے نکل گئے ہیں تو وہ سیدھے کس کے مکان پر گئے۔(ر)

ج : مشرکین مکہ نے سیدھے حضرت ابوبکرؓ کے گھر پہنچ کر دروازہ کھٹکھٹایا۔(ر)

355 : ہجرت کے دن مشرکین نے جب حضرت ابوبکرؓ کے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا تو کون باہر نکلیں؟

ج : حضرت ابوبکرؓ کی بیٹی حضرت اسماء باہر نکلیں۔(ر)

356 : حضرت اسماءؓ سے یہ بات کس نے پوچھی کہ تیرا باپ کدھر ہے؟

ج : حضرت اسماءؓ سے یہ بات ابوجہل نے پوچھی۔(ر)

357 : حضرت اسماءؓ نے ابوجہل کے اس سوال کا جواب کیا دیا کہ تیرا باپ کدھر ہے؟

ج : حضرت اسماءؓ نے فرمایا، بخدا مجھے معلوم نہیں......(ر)

358 : جب حضرت اسماءؓ نے ابوجہل سے یہ کہا کہ بخدا مجھے معلوم نہیں تو ابوجہل نے کیا کہا؟

ج : ابوجہل نے حضرت اسماء کو ایسا طمانچہ مارا کہ ان کے کان کی بالی نیچے گر گئی۔(ر)

359 : حضرت ابوبکرؓ ہجرت کے وقت کتنی نقد رقم اپنے ساتھ لے گئے تھے؟

ج : حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں کہ میرے والد جاتے ہوئے ساری نقد رقم لے گئے تھے یہ پانچ یا چھ ہزار درہم تھے۔(ر)

360 : حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کتنے دن تک غار ثور میں رہے؟

ج : حضورﷺاور حضرت ابوبکرؓتین دن تک غار ثور میں رہے۔(ر)

359 : غارِثور میں قیام کے دوران کون رات کی تاریکی میں روٹی دے جاتی تھیں؟

ج : غارِثور میں قیام کے دوران حضرت اسماءؓگھر سے روٹی دے جاتی تھیں۔(ر)

360 : غارِثور میں قیام کے دوران مکہ والوں کے حالات کی اطلاع کون سناتے تھے؟

ج : غارِثور میں قیام کے دوران حضرت ابوبکرؓ کے بیٹے حضرت عبداللہ مکہ والوں کے حالات سناتے تھے۔(ر)

361 : غارِثور میں قیام کے دوران کون بکریوں کا ریوڑ لاتے اور دودھ کا انتظام کرتے تھے؟

ج : غارِثور میں قیام کے دوران حضرت عامر بن فہیرہؓ بکریاں لے آتے اور دودھ کا انتظام کرتے تھے۔(ر)

362 : غارِثور تک بکریوں کا ریوڑ لانے والے عامر بن فہیرہ کس کے غلام تھے؟

ج : غارِثور تک بکریوں کا ریوڑ لانے والے عامر بن فہیرہ حضرت عائشہؓ کے بھائی کے غلام تھے۔(ر)

363 : حضورﷺ اور حضرت ابوبکرؓ نے غارِثور تک کس طرح سفر کیا؟

ج : حضورﷺ اور حضرت ابوبکرؓ نے غارِثور تک پیدل سفر کیا۔(ر)

364 : ہجرت کے لئے دو اونٹنیاں غارِثور کو کتنے دن کے بعد پہنچیں؟

ج : ہجرت کے لئے دو اونٹنیاں غارِثور کو چوتھی شب کو پہنچیں۔(ر)

365 : غارِثور کے قیام کے دوران جب مشرکین تعاقب کرتے ہوئے پہنچ گئے تو حضورﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کو کس طرح تسلی دی؟

ج : حضورﷺ نے حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا، **ان اللّٰہ معنا** بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔(ر)

366 : غارِثور کے راستہ پر کس نے اپنا جالا تن دیا تھا؟

ج : مکڑی نے غار ثور کے راستہ پر جالا تن دیا تھا۔(ط)

367 : غارِثور کے راستہ پر مکڑی کا جالا دیکھ کر دشمنوں نے کیا کہا؟

ج : دشمنوں نے کہا کہ اس پر تو محمد کی پیدائش سے بھی پہلے کی مکڑی ہے۔(ط)

368 : اللہ تعالیٰ نے کس کو حکم دیا تھا کہ وہ غار کے منہ پر بیٹھ جائیں؟

ج : اللہ تعالیٰ نے دو جنگلی کبوتروں کو حکم دیا تھا کہ وہ غار کے منہ پر بیٹھ جائیں۔(ط)

369 : غارِثور کے قیام کے دوران اللہ تعالیٰ نے درخت کو کیا حکم دیا؟

ج : انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے درخت کو حکم دیا کہ وہ حضورﷺ کے قریب اُگ جائے اس درخت نے حضورﷺ کی آڑ کر لی۔(ط)

370 : حضرت اسماءؓ کو ذات النطاقین کیوں کہا جاتا ہے؟

ج : اس لئے کہ حضرت اسماءؓ نے اپنی کمر بند کے ایک ٹکڑے سے تھیلہ کا منہ باندھا اور دوسرے ٹکڑے سے مشکیزے کا منہ باندھ دیا۔ (ط)

371 : ہجرت کے وقت حضور ﷺ نے کعبہ پر نگاہ جما کر کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا مکہ تو مجھ کو تمام دنیا سے زیادہ عزیز ہے۔ لیکن تیرے فرزند مجھ کو رہنے نہیں دیتے۔ (ر۔الف)

372 : غارِ ثور سے مدینہ تک کی رہنمائی کے لئے کس کو مقرر کیا گیا تھا؟

ج : غارِ ثور سے مدینہ تک کی رہنمائی کے لئے عبداللہ بن اریقط کو مقرر کیا گیا تھا۔ (ط)

373 : حضرت ابوبکرؓ نے حضور ﷺ پر اپنی کتنی دولت خرچ کی ہے؟

ج : حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عائشہؓ کے قول کے مطابق چالیس ہزار درہم دولت خرچ کی ہے۔ (ح)

374 : ہجرت کے وقت حضور ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ سے بغیر قیمت کے اونٹنی لینے سے انکار کیا تو حضرت ابوبکرؓ نے کیا فرمایا؟

ج : حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا، اے اللہ کے رسول! میں اور میرا مال و دولت آپ ہی کا تو ہے۔ (ح)

375 : حضرت ابوبکرؓ کے احسانات کا ذکر کرتے ہوئے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، ابوبکر کے سوا کسی اور شخص کا کوئی احسان ہم پر ایسا نہیں ہے جس کا ہم نے بدلہ نہ اتار دیا ہو۔ البتہ ابوبکر کے احسانات اتنے ہیں کہ ان کا بدلہ قیامت میں اللہ تعالیٰ ہی اتارے سکتے ہیں۔ (ح)

376 : حضور ﷺ مکہ سے غارِ ثور جاتے ہوئے کتنی دیر تک پیدل چلتے رہے؟

ج : حضور ﷺ مکہ سے غارِ ثور جاتے ہوئے رات بھر چلتے رہے۔ (ح)

377 : حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کو اپنے بستر پر سلاتے ہوئے کیا ہدایت دی؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کو یہ ہدایت دی کہ وہ لوگوں کی وہ تمام امانتیں ادا کر دیں۔ (ح)

378 : غارِ ثور میں قیام کے دوران سانپ نے کس کو کاٹ دیا تھا؟

ج : غارِ ثور میں قیام کے دوران سانپ نے حضرت ابوبکرؓ کی ایڑی کو کاٹ دیا تھا۔ (ح)

379 : جب سانپ نے حضرت ابوبکرؓ کو کاٹ دیا تو حضرت ابوبکرؓ کی حالت کیا ہوئی؟

ج : حضرت ابوبکرؓ نے منہ سے آواز نہ نکالی تا کہ آپ ﷺ کی نیند میں خلل نہ ہو لیکن آنکھوں سے بے اختیار آنسو نکلے جو آپ ﷺ کے اوپر گرے۔ (ح)

380 : غارِثور میں حضرت ابوبکرؓ کو سانپ نے کاٹ لیا تو آپ ﷺ نے کیا پوچھا؟
ج : حضور ﷺ نے پوچھا کہ کیا بات ہوئی جب سانپ کاٹنے کی اطلاع ہوئی تو اپنا لعاب دہن زخم پر لگا دیا جس سے زہر کا اثر ختم ہو گیا۔(ح)
381 : غارِثور سے مدینہ کی طرف ہجرت میں حضور ﷺ کے ساتھ اور کون کون تھے؟
ج : غارِثور سے مدینہ کی طرف ہجرت میں حضور ﷺ کے ساتھ حضرت ابوبکرؓ، عامر بن فہیرہ اور عبداللہ بن اریقط تھے۔(ر)
382 : ہجرت کے دوران حضور ﷺ کے ساتھ اونٹنی پر کون بیٹھے ہوئے تھے؟
ج : ہجرت کے دوران حضور ﷺ کے ساتھ اونٹنی پر حضرت ابوبکرؓ بیٹھے ہوئے تھے۔(ر)
383 : ہجرت کے دوران عامر بن فہیرہ کے ساتھ اونٹنی پر کون بیٹھے ہوئے تھے؟
ج : ہجرت کے دوران عامر بن فہیرہ کے ساتھ اونٹنی پر عبداللہ بن اریقط بیٹھے ہوئے تھے۔(ر)
384 : حضور ﷺ غارثور سے مدینہ کی جانب کس تاریخ کو روانہ ہوئے؟
ج : حضور ﷺ غارثور سے مدینہ کی جانب یکم ربیع الاول بروز دوشنبہ روانہ ہوئے۔(ر)
385 : حضور ﷺ جب غارِثور سے مدینہ روانہ ہوئے تو اس وقت شمسی تاریخ کیا تھی؟
ج : حضور ﷺ جب غارِثور سے مدینہ روانہ ہوئے تو اس وقت شمسی تاریخ 16/ستمبر 622ء تھی(ر)
386 : ہجرت کے دوران کس راستہ سے حضور ﷺ مدینہ روانہ ہوئے؟
ج : حضور ﷺ نے درمیانی راستہ چھوڑ کر سمندر کے کنارے کنارے چلنا شروع کیا۔(ر)
387 : ہجرت کے دوران کس نے حضور ﷺ کا پیچھا کیا؟
ج : ہجرت کے دوران سراقہ بن مالک نے حضور ﷺ کا پیچھا کیا۔(ر)
388 : سراقہ بن مالک کی نظر حضور ﷺ پر پڑی تو کیا واقعہ پیش آیا؟
ج : سراقہ بن مالک کی گھوڑی گھٹنوں کے بل گر پڑی اور سراقہ بھی گر پڑا۔(ر)
389 : ہجرت کے دوران حضور ﷺ کی گرفتاری یا قتل پر قریش نے کیا انعام مقرر کیا تھا؟
ج : ہجرت کے دوران حضور ﷺ کی گرفتاری یا قتل پر قریش نے سو اونٹیاں انعام میں مقرر کی تھیں(ح)
390 : سراقہ نے جس گھوڑی پر سوار ہو کر حضور ﷺ کا پیچھا کیا تھا اس کا نام کیا تھا؟
ج : سراقہ نے جس گھوڑی پر سوار ہو کر حضور ﷺ کا پیچھا کیا تھا اس کا نام عود تھا۔(ح)
391 : سراقہ نے امان نامہ ملنے کے بعد حضور ﷺ کو کیا پیش کیا؟
ج : سراقہ نے امان نامہ ملنے کے بعد حضور ﷺ کو ناشتہ اور ضروریاتِ سفر پیش کیا۔(ح)

392 : کیا حضور ﷺ نے سراقہ بن مالک کے ناشتہ اور ضروریاتِ سفر کو قبول کیا؟
ج : حضور ﷺ نے سراقہ بن مالک کے ناشتہ اور ضروریاتِ سفر کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔(ح)
393 : ہجرت کے وقت سراقہ بن مالک کو حضور ﷺ کا پیچھا کرنے پر کس نے ابھارا تھا؟
ج : ہجرت کے وقت سراقہ بن مالک کو حضور ﷺ کا پیچھا کرنے پر ابوجہل نے ابھارا تھا۔(ح)
394 : جس وقت سراقہ بن مالک حضور ﷺ کے قریب ہوا حضور ﷺ کیا فرما رہے تھے؟
ج : جس وقت سراقہ بن مالک حضور ﷺ کے قریب ہوا حضور ﷺ تلاوتِ قرآن فرما رہے تھے(ر)
395 : جب حضور ﷺ کو سراقہ بن مالک کے قریب آجانے کی اطلاع دی گئی تو حضور ﷺ نے کیا دعاء کی؟
ج : اس وقت حضور ﷺ نے یہ دعا کی، اے اللہ! ہمیں اس کے شر سے بچا......(ر)
396 : جب سراقہ بن مالک کی گھوڑی بار بار گرنے اور دھنسنے لگی تو اس نے کیا کہا؟
ج : سراقہ بن مالک نے عاجزانہ الفاظ میں جان کی امان مانگی۔(ر)
397 : سراقہ بن مالک کو کس نے امان نامہ لکھ کر عطا کیا؟
ج : سراقہ بن مالک کو حضور ﷺ کے حکم سے عامر بن فہیرہ نے امان نامہ لکھ کر عطا کیا۔(ر)
398 : غارِ ثور سے نکلنے کے بعد اسی دن حضور ﷺ کا گزر کس کے خیمہ پر ہوا؟
ج : غارِ ثور سے نکلنے کے بعد اسی دن حضور ﷺ کا گزر ام معبد کے خیمہ پر ہوا۔(ر)
399 : ام معبد کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟
ج : ام معبد کا تعلق قوم خزاعہ سے تھا۔(ر)
400 : ام معبد کس وصف میں کافی مشہور تھی؟
ج : ام معبد مسافروں کی خبر گیری اور مہمان نوازی میں مشہور تھی۔(ر)
401 : ہجرت کے دوران ام معبد سے حضور ﷺ نے کیا پوچھا؟
ج : ام معبد سے حضور ﷺ نے پوچھا کہ تمہارے پاس کھانے کی کوئی چیز ہے؟(ر)
402 : ام معبد نے حضور ﷺ کے اس سوال کا کیا جواب دیا کہ تمہارے کھانے کی چیز ہے؟
ج : ام معبد نے کہا، اگر کوئی چیز ہوتی تو پوچھنے سے پہلے میں خود حاضر کر دیتی۔(ر)
403 : حضور ﷺ غارِ ثور سے نکلنے کے کتنے دن بعد قبا پہنچے؟
ج : حضور ﷺ غارِ ثور سے نکلنے کے بعد آٹھویں دن قبا پہنچے۔(ر)
404 : جس دن حضور ﷺ قبا پہنچے قمری تاریخ کیا تھی؟
ج : جس دن حضور ﷺ قبا پہنچے ۸/ربیع الاول......۱۳/سن نبوت تھی۔(ر)

405 : جس دن حضور ﷺ قبا پہنچے وہ کونسا دن تھا؟

ج : جس دن حضور ﷺ قبا پہنچے وہ پیر کا دن تھا۔(ر)

406 : جس دن حضور ﷺ قبا پہنچے شمسی تاریخ کیا تھی؟

ج : جس دن حضور ﷺ قبا پہنچے شمسی تاریخ 23/ستمبر 622 سن عیسوی تھی۔(ر)

407 : قبا میں لوگ جب حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کے درمیان شناخت نہ کر سکے تو حضرت ابوبکر نے کیا کیا

ج : حضرت ابوبکرؓ حضور ﷺ کے سرمبارک پر سایہ کر کے کھڑے ہوئے۔(ر)

408 : حضور ﷺ نے قبا میں کتنے دن قیام فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے قبا میں پیر سے جمعرات تک یعنی تین دن قیام فرمایا، بعض روایتوں میں آٹھ دن بھی ہے۔(ر)

409 : حضور ﷺ نے قبا میں قیام کے دوران کونسا اہم کام کیا؟

ج : حضور ﷺ نے قبا میں قیام کے دوران ایک مسجد کی بنیاد رکھی جس کو آج مسجد قبا کہا جاتا ہے(ر)

410 : حضرت علیؓ جو مکہ ہی میں رہ گئے تھے حضور ﷺ سے کہاں آ ملے؟

ج : حضرت علیؓ قبا کے مقام پر حضور سے آ ملے۔(ر)

411 : حضور ﷺ قبا سے مدینہ کس دن روانہ ہوئے؟

ج : حضور ﷺ قبا سے مدینہ کو جمعہ کے دن روانہ ہوئے۔(ر)

412 : حضور ﷺ جس دن قبا سے روانہ ہوئے کیا تاریخ تھی؟

ج : حضور ﷺ جس دن قبا سے روانہ ہوئے ۱۲/ربیع الاول تھی۔(ر)

413 : حضور ﷺ قبا سے نکل کر کس قبیلہ تک پہنچے تھے کہ جمعہ کا وقت آ گیا؟

ج : حضور ﷺ قبا سے نکل کر سالم کے گھروں تک پہنچے تھے کہ جمعہ کا وقت آ گیا۔(ر)

414 : حضور ﷺ نے بنی سالم کے محلّہ میں کتنے لوگوں کے ساتھ نماز جمعہ ادا کی؟

ج : حضور ﷺ نے بنی سالم کے محلّہ میں سو آدمیوں کے ساتھ نماز جمعہ ادا کی۔

415 : جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر حضور ﷺ کس جانب سے مدینہ میں داخل ہوئے؟

ج : جمعہ کے نماز سے فارغ ہو کر حضور ﷺ جنوبی جانب سے مدینہ میں داخل ہوئے۔(ر)

416 : حضور ﷺ کے مدینہ تشریف لانے سے پہلے مدینہ کو کیا کہا جاتا تھا؟

ج : حضور ﷺ کے مدینہ تشریف لانے سے پہلے مدینہ کو ''یثرب'' کہا جاتا تھا۔(ر)

417 : حضور ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو اس شہر کا نام کیا ہو گیا؟

ج : حضور ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو ''یثرب'' کی جگہ اس کا نام ''مدینۃ النبی'' (یعنی نبی کا شہر) نام ہو گیا۔ (ر)

418 : جب حضور ﷺ مدینہ میں داخل ہوئے تو ہر انصاری کی کیا خواہش تھی؟

ج : جب حضور ﷺ مدینہ میں داخل ہوئے تو ہر انصاری کی یہ خواہش تھی کہ حضور ﷺ ان کے گھر میں ٹھہریں۔ (ر)

419 : حضور ﷺ سے یہ جملہ کس نے کہا تھا کہ مدینہ میں داخلہ کے وقت آپ کے ہاتھ میں جھنڈا ہونا چاہئے؟

ج : حضرت بریدہ اسلمیؓ نے حضور ﷺ سے یہ بات کہی تھی۔ (ح)

420 : مدینہ میں داخلہ سے پہلے کس نے حضور ﷺ سے پوچھا تھا کہ آپ کس کے گھر میں اتریں گے؟

ج : مدینہ میں داخلہ سے پہلے حضرت بریدہ اسلمیؓ نے حضور ﷺ سے یہ سوال کیا تھا۔ (ح)

421 : حضور ﷺ نے حضرت بریدہ اسلمیؓ کے اس سوال کا کیا جواب دیا کہ آپ مدینہ میں کس کے پاس اتریں گے؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ میری اونٹنی اللہ کی طرف سے مامور ہے۔

422 : حضور ﷺ کے استقبال کے لئے مدینہ کے لوگ کتنے دن تک شہر سے باہر آتے رہے؟

ج : حضور ﷺ کے استقبال کے لئے مدینہ کے لوگ تین دن تک شہر سے باہر آ کر انتظار کرتے رہے۔ (ح)

423 : حضور ﷺ کے مدینہ پہنچنے کی اطلاع اہل مدینہ کو کس نے دی تھی؟

ج : حضور ﷺ کے مدینہ پہنچنے کی اطلاع اہل مدینہ کو ایک یہودی نے دی تھی۔ (ح)

424 : ہجرت کے دوران کس نے حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کو بطور ہدیہ سفید کپڑے عطا کئے؟

ج : ہجرت کے دوران حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کو بطور ہدیہ سفید کپڑے حضرت زبیرؓ نے عطا کئے (ح)

425 : حضور ﷺ کی ہجرت کے وقت حضرت زبیر کہاں سے واپس آ رہے تھے؟

ج : حضور ﷺ کی ہجرت کے وقت حضرت زبیرؓ ملک شام سے تجارتی قافلہ کے ساتھ واپس آ رہے تھے (ح)

426 : جب حضور ﷺ کے قافلہ کو مدینہ آتے ہوئے یہودی نے دیکھ لیا تو وہ کیا پکار اٹھا؟

ج : اس یہودی نے بلند آواز سے پکار کر کہا اے گروہِ عرب جن کا تمہیں انتظار تھا وہ آ گئے۔ (ح)

427 : حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ جب مدینہ میں داخل ہوئے تو انصار نے کیا عرض کیا؟

ج : حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ جب مدینہ میں داخل ہوئے تو انصار نے کہا اطمینان اور امن کے ساتھ آپ مدینہ میں داخل ہو جائیے۔ (ح)

428 : حضورﷺ نے قبا میں کس کے گھر میں قیام فرمایا؟

ج : حضورﷺ نے قبا میں کلثوم ابن ھدم کے گھر میں قیام فرمایا۔(ح)

429 : قبا میں قیام کے دوران حضورﷺ کی مجلس کس کے گھر میں ہوئی تھی؟

ج : قبا میں قیام کے دوران حضورﷺ کی مجلس سعد بن خیثمہؓ کے گھر میں ہوئی تھی۔(ح)

430 : حضرت علیؓ جب مکہ سے مدینہ آئے تو آپﷺ کے ساتھ کون کون تھے؟

ج : حضرت علیؓ جب مکہ سے مدینہ پہنچے تو آپﷺ کے ساتھ حضرت فاطمہؓ، ام ایمنؓ اور ان کے بیٹے اور کمزور مسلمانوں کی ایک جماعت بھی تھی۔(ح)

431 : حضرت علیؓ نے قبا میں کہاں قیام فرمایا؟

ج : حضرت علیؓ نے قبا میں حضورﷺ کے ساتھ کلثوم ابن ھدم کے گھر ہی میں قیام فرمایا۔(ح)

432 : مسجد قبا کے قبلہ کا رُخ کس نے متعین فرمایا؟

ج : حضورﷺ نے مسجد قبا کے قبلہ کا رُخ متعین فرمایا۔(ح)

433 : مدینہ منورہ سے حضورﷺ قبا کس دن آیا کرتے تھے؟

ج : مدینہ منورہ سے حضورﷺ قبا ہفتہ کے دن آیا کرتے تھے۔(ح)

434 : مسجد قبا میں نماز پڑھنے کا ثواب کیا ہے؟

ج : مسجد قبا میں پڑھی جانے والی نماز ایک عمرہ کے برابر ہے۔(ح)

435 : حضرت عمرؓ کس دن مسجد قبا میں جایا کرتے تھے؟

ج : حضرت عمرؓ پیر اور جمعرات کے دن مسجد قبا جایا کرتے تھے۔(ح)

436 : حضورﷺ قبا سے مدینہ منورہ کس اونٹنی پر تشریف لے گئے؟

ج : حضورﷺ قبا سے مدینہ منورہ جدعاء نامی اونٹنی پر تشریف لے گئے۔(ح)

437 : مدینہ کو یثرب کہنے والوں کے بارے میں حضورﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضورﷺ نے فرمایا، وہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کریں۔(ح)

438 : مدینہ منورہ کے چند مشہور نام بتلائیے؟

ج : طابہ، دارالابرار، دارالایمان، دارالسلام، دارالفتح......وغیرہ......(ح)

439 : حضورﷺ نے مدینہ میں جس مسجد میں پہلی نماز جمعہ ادا کی اس کا نام کیا ہے؟

ج : اس مسجد کا نام مسجد جمعہ ہے، جس میں حضورﷺ نے پہلی نماز جمعہ ادا کی۔(ح)

440 : خطبۂ جمعہ کے دوران کس کا قافلہ مدینہ پہنچا تھا جس کے استقبال کے لئے لوگ مسجد سے نکل گئے تھے؟

ج : خطبۂ جمعہ کے دوران حضرت دحیہ کلبیؓ کا قافلہ مدینہ منورہ پہنچا تھا۔(ح)

441 : اسلام کے ابتدائی دور میں جمعہ کا خطبہ پہلے ہوتا تھا یا جمعہ کی نماز کے بعد؟

ج : اسلام کے ابتدائی دور میں پہلے جمعہ کی نماز ہوتی تھی پھر خطبہ ہوتا تھا۔(ح)

442 : ہجرت کے دوران مدینہ میں داخلہ کے وقت سب سے پہلے حضور ﷺ کس قبیلہ سے گزرے؟

ج : ہجرت کے دوران مدینہ میں داخلہ کے وقت سب سے پہلے حضور ﷺ بنی سالم سے گزرے(ح)

443 : ہجرت کے دوران مدینہ میں داخلہ کے وقت بنی سالم کے بعد کس قبیلہ سے آپ کا گزر رہوا؟

ج : ہجرت کے دوران مدینہ میں داخلہ کے وقت بنی بیاضہ سے آپ کا گزر رہوا۔

444 : ہجرت کے دوران مدینہ میں داخلہ کے وقت بنی بیاضہ کے بعد کس قبیلہ سے آپ ﷺ کا گزر رہوا؟

ج : ہجرت کے دوران مدینہ میں داخلہ کے وقت بنی بیاضہ کے بعد بنی ساعدہ سے آپ ﷺ کا گزر رہوا(ح)

445 : ہجرت کے درواں مدینہ میں داخلہ کے وقت بنی ساعدہ کے بعد کس قبیلہ سے آپ ﷺ کا گزرا ہوا؟

ج : ہجرت کے دوران مدینہ میں داخلہ کے وقت بنی ساعدہ کے بعد بنی نجار سے آپ ﷺ کا گزرا ہوا(ح)

446 : بنی نجار سے حضور ﷺ کے خاندان کا کیا تعلق ہے؟

ج : بنی نجار حضور ﷺ کے دادا کے ننھیالی رشتہ دار ہیں۔(ح)

447 : حضور ﷺ کی اونٹنی کس کے محلّہ میں بیٹھ گئی؟

ج : حضور ﷺ کی اونٹنی بنی نجار کے محلّہ میں بیٹھ گئی۔(ح)

448 : ہجرت کے وقت حضور ﷺ کی اونٹنی مدینہ میں جہاں بیٹھی تھی وہاں اب کیا ہے؟

ج : ہجرت کے وقت حضور ﷺ کی اونٹنی جہاں بیٹھی تھی وہاں اب مسجد نبوی ہے۔(ح)

449 : حضور ﷺ کے میزبان حضرت ابوایوب انصاری کا اصل نام کیا تھا؟

ج : حضور ﷺ کے میزبان حضرت ابوایوب انصاری کا اصل نام خالد ابن زید نجار انصاری تھا۔(ح)

450 : ہجرت کے بعد حضور ﷺ جب اونٹنی سے اترے تو کیا اِرشاد فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، اے میرے رب! مجھے مبارک جگہ پر اتارنا اور تو ہی بہترین جگہ اتارنے والا ہے۔(ح)

451 : ہجرت کے بعد اونٹنی سے اترنے پر کس نے حضور سے یہ اجازت چاہی کہ کیا میں آپ کا سامان لے جاؤں؟

ج : حضرت ابوایوب انصاریؓ نے حضور ﷺ سے اس بات کی اجازت چاہی۔(ح)

452 : ہجرت کے بعد حضور ﷺ کی اونٹنی کی مہار کس نے اپنے ہاتھ میں لی؟

ج : حضور ﷺ کی اونٹنی کی مہار حضرت اسعد بن زرارہؓ نے اپنے ہاتھ میں لی۔(ح)

453 : حضور ﷺ کے مدینہ بعافیت پہنچنے پر کس نے دف بجانے کی منت مانی تھی؟

ج : ایک حبشی لڑکی نے یہ منت مانی تھی۔(ح)

454 : مسجد نبوی کی جس جگہ کو حضور ﷺ نے خریدا اس کے اصل مالک کون تھے؟

ج : یہ دو یتیم لڑکوں کی زمین تھی جن کا نام سہل اور سہیل تھا۔(ح)

455 : مسجد نبوی ﷺ کے زمین کے اصل مالک دو یتیم لڑکے کس کی سرپرستی میں تھے؟

ج : ان دو یتیم لڑکوں کے سرپرست حضرت اسعد بن زرارہؓ تھے۔(ح)

456 : وہ کونسے صحابی ہیں جنھوں نے مسجد نبوی کی زمین کی قیمت ادا کرنے کی پیشکش کی؟

ج : وہ حضرت ابوایوب انصاریؓ ہیں جنھوں نے زمین کی قیمت ادا کرنے کی پیشکش کی۔(ح)

457 : جب حضرت ابوایوب انصاریؓ نے زمین کی قیمت ادا کرنے کی پیشکش کی تو حضور ﷺ نے کیا کہا

ج : حضور ﷺ نے اس سے انکار کیا اور حضرت ابوبکرؓ کو حکم دیا کہ وہ اس کی قیمت ادا کریں۔(ح)

458 : مسجد نبوی ﷺ کی زمین کے مالک دو یتیم لڑکوں نے اپنی طرف سے کیا پیشکش کی؟

ج : دونوں یتیم لڑکوں نے کہا کہ یا رسول اللہ! ہم یہ زمین آپ ﷺ کو ہبہ کرتے ہیں۔(ح)

459 : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت کس نے سب سے پہلی اینٹ رکھی؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت حضور ﷺ نے سب سے پہلی اینٹ رکھی تھی۔(ح)

460 : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت کس نے دوسری اینٹ رکھی؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت حضرت ابوبکرؓ نے دوسری اینٹ رکھی۔(ح)

461 : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت کس نے تیسری اینٹ رکھی؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت حضرت عمرؓ نے تیسری اینٹ رکھی۔(ح)

462 : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت کس نے چوتھی اینٹ رکھی؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی سنگ بنیاد کے وقت حضرت عثمانؓ نے چوتھی اینٹ رکھی۔(ح)

463 : مسجد نبوی ﷺ کی بنیاد کی گہرائی کتنی تھی؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی بنیاد تین ہاتھ گہری تھی۔(ح)

464 : مسجد نبوی ﷺ کی بنیادیں کس نے بھریں؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی بنیادیں مسلمانوں نے بھریں۔(ح)

465 : مسجد نبوی ﷺ کی بنیاد کو کس سے بھرا گیا؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی بنیاد کو پتھروں سے بھرا گیا۔ (ح)

466 : مسجد نبوی ﷺ کی چھت کس چیز کی بنائی گئی؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی چھت کھجور کی ٹہنیوں کی بنائی گئی۔ (ح)

467 : مسجد نبوی ﷺ کے ستون کس چیز کے تھے؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کے ستون کھجور کے تنوں کے تھے۔ (ح)

468 : مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر میں کس نے حصہ لیا؟

ج : مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر میں بنفس نفیس حضور ﷺ اور مہاجر اور انصار صحابہ نے حصہ لیا۔ (ح)

469 : حضور ﷺ مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت کیا پڑھ رہے تھے؟

ج : حضور ﷺ یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

**اللهم لاخير الاخير الاخرة ۞ فارحم الانصار والمهاجرة (ح)**

470 : وہ کونسے صحابی ہیں جو ایک وقت میں دو دو اینٹیں لا رہے تھے؟

ج : حضرت عمار بن یاسرؓ ایک وقت میں دو دو اینٹیں لا رہے تھے۔ (ح)

471 : دو کونسے صحابی ہیں جو مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر کے دوران اپنے کپڑے بار بار صاف کر رہے تھے؟

ج : حضرت عثمان بن مظعونؓ صفائی پسند آدمی تھے اور اپنے کپڑوں کو بار بار صاف کر رہے تھے (ح)

472 : حضور ﷺ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا کہ وہ میری آنکھ کا تارا ہے؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت عمار بن یاسرؓ کے بارے میں فرمایا کہ یہ میری آنکھ کا تارا ہے۔ (ح)

473 : حضور ﷺ نے مسجد نبوی میں بیت المقدس کی طرف رُخ کر کے کتنے مہینہ تک نماز پڑھائی؟

ج : حضور ﷺ نے مسجد نبوی میں بیت المقدس کی طرف رُخ کر کے پانچ مہینہ تک نماز پڑھائی (ح)

474 : مدینہ میں یہودیوں کے مشہور قبیلے کون کونسے تھے؟

ج : مدینہ میں یہودیوں کے مشہور قبیلے یہ تھے، بنونضیر، بنوقینقاع، بنوقریظہ۔ (ر)

475 : مدینہ کے یہودی کس وجہ سے مالدار ہو گئے تھے؟

ج : مدینہ کے یہودی تجارت اور سود خوری کی وجہ سے بہت مالدار ہو گئے تھے۔ (ر)

476 : مدینہ میں منافقوں کا سردار کون تھا؟

ج : مدینہ میں منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی ابن سلول تھا۔ (ر)

477 : مکہ والوں نے منافقوں کے سردار عبداللہ بن ابی کو کیا خط لکھا تھا؟

ج : مکہ والوں نے یہ لکھا کہ تم نے ہمارے شخص کو اپنے ہاں ٹھہرا لیا ہے اب لازم ہے کہ تم اس سے

لڑو یا وہاں سے نکال دو......(ر)

478 : مکہ والوں نے مدینہ کے مسلمانوں کو کس قسم کی دھمکی دی؟

ج : مکہ والوں نے کہا تم مغرور نہ ہونا کہ مکہ سے بچ کر نکل آئے ہم یثرب پہنچ کر تمہارا ستیاناس کر دیتے ہیں۔(ر)

479 : مکہ کے کس شخص نے مدینہ والوں کے جانوروں کو لوٹ لیا تھا؟

ج : کرز بن جابر الفہری نے مدینہ والوں کے جانوروں کو لوٹ لیا تھا۔(ر)

480 : کرز بن جابر الفہری نے کس سن میں مدینہ کے جانوروں کو لوٹ لیا تھا؟

ج : کرز بن جابر الفہری نے ۲/سن ہجری میں مدینہ کے جانوروں کو لوٹ لیا تھا۔(ر)

481 : تاریخ اسلام کی سب سے پہلی جنگ کا نام کیا ہے؟

ج : تاریخ اسلام کی سب سے پہلی جنگ کا نام جنگِ بدر ہے۔(ط)

482 : حضور ﷺ کس تاریخ کو جنگِ بدر کے لئے مدینہ سے روانہ ہوئے؟

ج : حضور ﷺ ۱۲/رمضان کو جنگ بدر کے لئے مدینہ سے روانہ ہوئے۔(ط)

483 : جنگِ بدر کے وقت مسلمانوں کے پاس کتنے اونٹ تھے؟

ج : جنگِ بدر کے وقت مسلمانوں کے پاس ستر (۷۰) اونٹ تھے۔(ط)

484 : جنگِ بدر کے وقت حضور ﷺ نے کتنے جاسوسوں کو مشرکین کی طرف روانہ کیا تھا؟

ج : جنگِ بدر کے وقت حضور ﷺ نے دو جاسوسوں کو مشرکین کی طرف روانہ کیا تھا۔(ط)

485 : جنگِ بدر میں مسلمانوں کے پاس کل کتنے گھوڑے تھے؟

ج : جنگِ بدر میں مسلمانوں کے پاس کل دو گھوڑے تھے۔(ط)

486 : جنگِ بدر میں جو دو گھوڑے تھے وہ کس کے تھے؟

ج : جنگِ بدر میں ایک گھوڑا مقداد بن عمرؓ اور ایک گھوڑا مرثد بی ابی مرثدؓ کا تھا۔(ط)

487 : جنگِ بدر کے وقت تجارتی قافلہ جو شام سے آرہا تھا اس کے سردار کون تھے؟

ج : اس کے سردار اور ذمہ دار ابوسفیان تھے۔(ط)

488 : ابوسفیان کے تجارتی قافلہ نے کس کے ذریعہ مکہ والوں کے حالات کی اطلاع دی؟

ج : اس تجارتی قافلہ نے ضمضم بن عمرو کے ذریعہ مکہ والوں کو حالات کی اطلاع دی۔(ط)

489 : ابوسفیان نے کس سے حضور ﷺ کی طرف سے بھیجے گئے جاسوسوں کے بارے میں پوچھا؟

ج : ابوسفیان نے مجدی بن عمرو سے حضور ﷺ کی طرف سے بھیجے گئے جاسوسوں کے بارے میں پوچھا(ط)

490 : ابوسفیان نے کس طرح پہچانا کہ حضور ﷺ کے جاسوس وہاں سے گزرے ہیں؟

ج : ان جاسوسوں کے اونٹوں کی مینگنیوں سے پہچانا کہ یہ مدینہ کے جاسوس ہیں۔(ط)

491 : جنگِ بدر کے موقع پر قریش مکہ کو ابوسفیان نے کس کے ذریعہ اپنے مکہ پہنچنے کی اطلاع دی؟

ج : ابوسفیان نے قیس بن امرءالقیس کے ذریعہ قریش مکہ کو اپنے مکہ پہنچنے کی اطلاع دی۔(ط)

492 : جنگِ بدر کے وقت مکہ سے نکلے ہوئے مشرکین کی قیادت کون کررہا تھا؟

ج : جنگِ بدر کے وقت مکہ سے نکلے ہوئے مشرکین کی قیادت ابوجہل کررہا تھا۔(ط)

492 : ابوجہل کا اصل نام کیا تھا؟

ج : ابوجہل کا اصل نام عمرو بن ہشام تھا۔(ط)

493 : مقامِ بدر اور مدینہ کے درمیان کتنے میل کا فاصلہ ہے۔

ج : مقامِ بدر اور مدینہ کے درمیان اٹھانوے(98)میل کا فاصلہ ہے۔(ط)

494 : حضور ﷺ مدینہ سے بدر جس راستہ سے گئے وہ کتنے دن کا راستہ تھا؟

ج : حضور ﷺ مدینہ سے بدر جس راستہ سے گئے وہ چار دن کا راستہ تھا۔(ط)

495 : جنگِ بدر کے موقع پر قریش کے مکہ سے روانہ ہونے کی اطلاع حضور ﷺ کو کب ہوئی؟

ج : جنگِ بدر کے وقت حضور ﷺ نے جب مشورہ لیا تو کس انصاری صحابی نے انصار کی طرف سے جواب دیا؟

496 : جنگِ بدر کے وقت علمبرداروں کا انتخاب کس نے کیا؟

ج : جنگِ بدر کے وقت علمبرداروں کا انتخاب حضور ﷺ نے کیا۔(ط)

497 : جنگِ بدر میں مہاجرین کا جھنڈا کس کے ساتھ تھا؟

ج : جنگِ بدر میں مہاجرین کا جھنڈا حضرت مصعب بن عمیرؓ کے ساتھ تھا۔(ط)

498 : جنگِ بدر میں قبیلۂ خزرج کا جھنڈا کس کے ساتھ تھا؟

ج : جنگِ بدر میں قبیلۂ خزرج کا جھنڈا حضرت حباب بن منذر کے ساتھ تھا۔(ط)

499 : جنگِ بدر میں قبیلۂ اوس کا جھنڈا کس کے ساتھ تھا؟

ج : جنگِ بدر میں قبیلۂ اوس کا جھنڈا حضرت سعد بن معاذؓ کے ساتھ تھا۔(ط)

500 : جنگِ بدر میں مشرکین کے ساتھ کتنے جھنڈے تھے؟

ج : جنگِ بدر میں مشرکین کے ساتھ تین جھنڈے تھے۔(ط)

501 : جنگِ بدر میں مشرکین کا پہلا جھنڈا کس کے ساتھ تھا؟

ج : جنگِ بدر میں مشرکین کا پہلا جھنڈا ابوعزیز بن عمیر کے ساتھ تھا۔(ط)

502 : جنگِ بدر میں مشرکین کا دوسرا جھنڈا کس کے ساتھ تھا؟

ج : جنگِ بدر میں مشرکین کا دوسرا جھنڈا انضر بن حارث کے ساتھ تھا۔ (ط)

503 : جنگِ بدر میں مشرکین کا تیسرا جھنڈا کس کے ساتھ تھا؟

ج : جنگِ بدر میں مشرکین کا تیسرا جھنڈا طلحہ بن ابی طلحہ کے ساتھ تھا۔ (ط)

504 : حضور ﷺ بدر کے قریب کس تاریخ کو اترے؟

ج : حضور ﷺ بدر کے قریب ۱۷ رمضان شبِ جمعہ کو اترے۔ (ط)

505 : جنگِ بدر میں مشرکین کی خبر دریافت کرنے کے لئے بدر کے چشمہ کے پاس حضور ﷺ نے کس کو بھیجا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو بھیجا۔ (ط)

506 : حضور ﷺ نے بدر کے چشمہ کے پاس جن حضرات کو بھیجا وہاں قریش کے کون لوگ تھے؟

ج : بدر کے چشمہ کے پاس قریش مکہ کی پانی بھرنے والی جماعت ملی۔ (ط)

507 : بدر کے چشمہ میں ملنے والی قریش مکہ کی جماعت کو کس نے گرفتار کیا؟

ج : حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت سعدؓ نے اس جماعت کو گرفتار کیا۔ (ط)

508 : جب قریش کے پانی پلانے والوں کو حضور ﷺ کے پاس لایا گیا تو حضور ﷺ نے ان سے کیا دریافت کیا؟

ج : حضور ﷺ نے ان سے پوچھا کہ قریش مکہ کہاں ہیں؟ (ط)

509 : حضور ﷺ نے میدانِ بدر میں موجود قریش مکہ کی تعداد کس طرح معلوم کی؟

ج : حضور ﷺ نے پانی پلانے والی جماعت سے یہ پوچھا کہ قریش روزانہ کتنے اونٹ ذبح کرتے ہیں۔ (ط)

510 : جب حضور ﷺ نے پانی پلانے والی جماعت سے یہ پوچھا کہ قریش روزانہ کتنے اونٹ ذبح کرتے ہیں تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج : انہوں نے کہا کہ قریش ایک دن نو اور ایک دن دس اونٹ ذبح کرتے ہیں۔ (ط)

511 : حضور ﷺ نے روزانہ نو یا دس اونٹوں کے ذبح کئے جانے سے کیا اندازہ لگایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ قریش نو سو پچاس آدمی ہیں۔ (ط)

512 : مکہ کے قریش کے پاس جنگِ بدر میں کتنے گھوڑے تھے؟

ج : مکہ کے قریش کے پاس جنگِ بدر میں سو گھوڑے تھے۔ (ط)

513 : جنگِ بدر کے موقع پر کنویں کے قریب قیام کرنے کا مشورہ کس نے دیا؟

ج : جنگِ بدر میں کنویں کے قریب قیام کرنے کا مشورہ حباب ابن منذر نے دیا۔ (ط)

514 : جنگِ بدر میں حضور ﷺ کے لئے کس قسم کا سائبان بنایا گیا؟
ج : جنگِ بدر میں حضور ﷺ کے لئے کھجور کی لکڑی کا سائبان بنایا گیا۔(ط)
515 : جنگِ بدر میں بنائے گئے سائبان میں کون کون داخل ہوئے؟
ج : جنگِ بدر میں بنائے گئے سائبان میں حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ داخل ہوئے۔(ط)
516 : جنگِ بدر میں حضور ﷺ کے سائبان کے دروازے پر کون کھڑے ہوگئے؟
ج : جنگِ بدر میں حضور ﷺ کے سائبان کے دروازے پر حضرت سعد بن معاذؓ کھڑے ہوگئے(ط)
517 : جنگِ بدر میں مسلمانوں کی صف بندی کس نے کی؟
ج : جنگِ بدر میں مسلمانوں کی صف بندی حضور ﷺ نے کی۔(ط)
518 : جنگِ بدر میں حضرت جبرئیل اور حضرت میکائیل کتنے فرشتوں کے ساتھ آئے تھے؟
ج : جنگِ بدر میں حضرت جبرئیل اور حضرت میکائیل ایک ایک ہزار فرشتوں کے ساتھ آئے تھے۔(ط)
519 : جنگِ بدر میں جو فرشتے آئے تھے ان کی علامت کیا تھی؟
ج : جنگِ بدر میں جو فرشتے آئے تھے ان کے عمامے سبز، سرخ اور زرد رنگ کے تھے۔(ط)
520 : جنگِ بدر میں فرشتے کس پر سوار تھے؟
ج : جنگِ بدر میں فرشتے گھوڑوں پر سوار تھے۔(ط)
521 : جنگِ بدر میں کس نے سب سے پہلے حملہ کیا جس کے بعد جنگ چھڑ گئی؟
ج : جنگِ بدر میں عمیر بن وھب اور عامر بن الحفر ی نے حملہ کیا جس کے بعد جنگ چھڑ گئی۔(ط)
522 : جنگِ بدر میں انصار میں سب سے پہلے کون شہید ہوئے؟
ج : جنگِ بدر میں انصار میں سب سے پہلے حارثہ بن سراقہ شہید ہوئے۔(ط)
523 : جنگِ بدر میں مشرکین کی طرف سے سب سے پہلے کون مقابلہ کے لئے نکلے؟
ج : جنگِ بدر میں مشرکین کی طرف سے شیبہ، عتبہ اور ولید مقابلہ کے لئے سب سے پہلے نکلے(ط)
524 : شیبہ عتبہ اور ولید کے مقابلہ کے لئے کن تین انصاریوں نے سبقت کی؟
ج : معاذ، معوذ اور عوف نے ان تینوں دشمنانِ اسلام سے مقابلہ کی سبقت کی۔(ط)
525 : جنگِ بدر میں حضور ﷺ نے کیا معاذ، معوذ اور عوف کو مقابلہ میں نکلنے کی اجازت دی؟
ج : حضور ﷺ نے ان تینوں کے مقابلہ میں نکلنے کو ناپسند کیا اور ان کی جگہ دوسروں کو بھیجا۔(ط)
526 : شیبہ، عتبہ اور ولید کا کن تین مسلمانوں نے مقابلہ کیا؟
ج : ان تینوں کا مقابلہ حضرت حمزہؓ، حضرت علیؓ اور حضرت عبیدہ بن حارثؓ نے کیا۔(ط)

527 : حضرت حمزہؓ نے جنگِ بدر میں مقابلہ شروع کرنے سے پہلے اپنے بارے میں کیا کہا؟
ج : حضرت حمزہؓ نے فرمایا میں حمزہ ہوں اور اس کے رسول کا شیر ہوں۔(ط)
528 : جنگِ بدر میں ولید کا مقابلہ کس سے ہوا؟
ج : جنگِ بدر میں ولید کا مقابلہ حضرت علیؓ سے ہوا۔(ط)
529 : جنگِ بدر میں عتبہ کا مقابلہ کس سے ہوا؟
ج : جنگِ بدر میں عتبہ کا مقابلہ حضرت حمزہؓ سے ہوا۔(ط)
530 : جنگِ بدر میں شیبہ کا مقابلہ کس سے ہوا؟
ج : جنگِ بدر میں شیبہ کا مقابلہ حضرت عبیدہ بن حارثؓ سے ہوا۔(ط)
531 : جنگِ بدر میں دشمنِ رسول ولید کس کے ہاتھوں قتل ہوا؟
ج : جنگِ بدر میں دشمنِ رسول ولید حضرت علیؓ کے ہاتھوں قتل ہوا۔(ط)
532 : جنگِ بدر میں دشمنِ رسول عتبہ کس کے ہاتھوں قتل ہوا؟
ج : جنگِ بدر میں دشمنِ رسول عتبہ حضرت حمزہؓ کے ہاتھوں قتل ہوا۔(ط)
533 : جنگِ بدر میں دشمنِ رسول شیبہ کس کے ہاتھوں قتل ہوا؟
ج : جنگِ بدر میں دشمنِ رسول شیبہ حضرت حمزہ اور حضرت علیؓ کے ہاتھوں قتل ہوا۔
534 : جنگِ بدر کے وقت حضور ﷺ تلوار میان سے نکالتے ہوئے کونسی آیت تلاوت فرما رہے تھے؟
ج : حضور ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرما رہے تھے۔ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ......(ط)
535 : جنگِ بدر میں مشرکین کے کتنے آدمی مارے گئے؟
ج : جنگِ بدر میں مشرکین کے ستر (۷۰) آدمی مارے گئے۔(ط)
536 : جنگِ بدر میں مشرکین کے کتنے آدمی قیدی بن کر آئے؟
ج : جنگِ بدر میں مشرکین کے ستر (۷۰) آدمی قیدی بن کر آئے۔(ط)
537 : جنگِ بدر میں قتل کئے گئے مشہور دشمنِ اسلام کون ہیں؟
ج : شیبہ، عتبہ، ولید بن عتبہ، عاص، ابوجہل، ابوالبختری، زمعہ، نوفل وغیرہ یہ مشہور دشمنِ اسلام ہیں جو جنگِ بدر میں قتل کئے گئے۔(ط)
538 : جنگِ بدر میں قیدی بن کر آنے والے مشہور لوگ کون تھے؟
ج : جنگِ بدر میں قیدی بن کر آنے والے مشہور لوگ عقیل، ابوالعاص، عدی، ولید بن مغیرہ، ابن ابی بن خلف وغیرہ تھے۔(ط)

539 : جنگِ بدر میں مسلمانوں کے کامیاب ہونے کی اطلاع اہل مدینہ کو کس نے دی؟

ج : حضرت زید بن حارثہؓ نے اہل مدینہ کو جنگِ بدر کی فتح کی خوشخبری دی۔(ط)

540 : حضرت زید بن حارثہؓ جنگِ بدر کی فتح کی خوشخبری لے کر مدینہ آئے اس وقت کس کی تدفین ہو چکی تھی؟

ج : اس وقت جنت البقیع میں حضور اکرم ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ کی تدفین ہو چکی تھی۔(ط)

541 : مکہ والوں کو جنگ بدر میں مشرکین کی شکست کی اطلاع کس نے دی؟

ج : اَلْحَیْسَمَانُ بِنْ حَابِسْ اَلْخزَاعِی نے اہل مکہ کو اس بات کی اطلاع دی۔(ط)

542 : جنگِ بدر ہجرت کے کتنے ماہ بعد ہوئی؟

ج : جنگِ بدر ہجرت کے اٹھارہ ماہ کے بعد ہوئی۔(ط)

543 : جنگِ بدر کس مہینہ میں ہوئی؟

ج : جنگِ بدر ماہِ رمضان المبارک میں ہوئی۔(ط)

544 : جنگِ بدر میں کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگِ بدر میں تین سو تیرہ مجاہدین شریک تھے۔(ط)

545 : جنگِ بدر میں حضور ﷺ کے ساتھ اونٹ پر کون کون سوار تھے؟

ج : جنگِ بدر میں حضور ﷺ کے ساتھ حضرت ابولبابہؓ اور حضرت علیؓ سوار تھے۔

546 : جنگِ بدر میں مشرکین کی تعداد کیا تھی؟

ج : جنگِ بدر میں مشرکین کی تعداد ساڑھے نوسو یا ایک ہزار تھی۔

547 : جنگِ بدر میں بدر کے قیدیوں کا فدیہ زیادہ سے زیادہ کتنے ہزار تھا؟

ج : جنگِ بدر میں بدر کے قیدیوں کا فدیہ زیادہ سے زیادہ چار ہزار تھا۔(ط)

548 : جنگِ بدر میں مفلس قیدیوں کا فدیہ کیا مقرر کیا گیا؟

ج : جنگِ بدر میں مفلس قیدیوں کا فدیہ یہ تھا کہ وہ مدینہ کے دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں۔(ط)

549 : جنگِ بدر کے بعد کون حضور ﷺ کے قتل کا ارادہ لئے مکہ سے مدینہ آیا تھا؟

ج : عمیر بن وھب زہر آلود تلوار لئے حضور ﷺ کے قتل کے اِرادہ سے مدینہ آیا تھا۔(ر)

550 : عمیر بن وھب کے ناپاک اِرادہ کو کس نے پہچان لیا؟

ج : حضرت عمرؓ نے عمیر بن وھب کے ناپاک ارادہ کو پہچان لیا۔(ر)

551 : عمیر بن وھب کو آتا دیکھ کر حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ سے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، عمر! اسے چھوڑ دو......(ر)

552 : حضور ﷺ نے عمیر بن وھب سے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے عمیر بن وھب سے کہا عمیر! تم میرے پاس آ جاؤ۔(ر)

553 : حضور ﷺ سے گفتگو کے بعد عمیر بن وھب نے کیا کہا؟

ج : عمیر بن وھب نے کہا اب میرا دل مان گیا کہ آپ ﷺ ضرور اللہ کے نبی اور رسول ہیں۔(ر)

554 : عمیر بن وھب کو حضور ﷺ کے قتل پر کس نے آمادہ کیا تھا؟

ج : عمیر بن وھب کو صفوان ابن امیہ نے قتل پر آمادہ کیا تھا۔(ر)

555 : جب عمیر بن وھب کے مسلمان ہونے کی اطلاع صفوان کو ہوئی تو اس نے کیا قسم کھائی؟

ج : صفوان بن امیہ نے قسم کھائی کہ جب تک زندہ رہوں گا عمیر سے بات نہ کروں گا۔(ر)

556 : بدر میں مشرکوں کی شکست کے بعد ابوسفیان نے کیا قسم کھائی تھی؟

ج : ابوسفیان نے یہ قسم کھائی تھی کہ جب تک مسلمانوں سے بدلہ نہ لوں گا نہ نہاوں گا۔(ر)

557 : اہل مکہ نے شام کی تجارت کا کتنا مال جنگِ احد کے لئے جمع کیا؟

ج : پچاس ہزار مثقال سونا، ایک ہزار اونٹ جنگ احد کی تیار میں جمع کیا۔(ر)

558 : جنگ احد میں مشرکین کے لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کے لشکر کی تعداد پانچ ہزار تھی۔(ر)

559 : جنگ احد میں مشرکین کتنے ہزار اونٹوں پر سوار تھے؟

ج : جنگ احد میں تین ہزار مشرکین اونٹوں پر سوار تھے۔(ر)

560 : جنگ احد میں مشرکین کے کتنے گھوڑے تھے؟

ج : جنگ احد میں مشرکین کے دوسو گھوڑے تھے۔(ر)

561 : جنگ احد میں زرہ پہنے ہوئے کتنے مشرکین تھے؟

ج : جنگ احد میں سات سو زرہ پوش مشرکین تھے۔(ر)

562 : جنگ احد کے سلسلہ میں حضور ﷺ کی کیا رائے تھی؟

ج : جنگ احد کے سلسلہ میں حضور ﷺ کی رائے یہ تھی کہ مدینہ میں رہ کر ہی یہ جنگ لڑی جائے۔(ر)

563 : جنگ احد کے سلسلہ میں اکثر صحابہ کی رائے کیا تھی؟

ج : جنگ احد میں اکثر صحابہ کی رائے یہ تھی کہ مدینہ سے باہر نکل کر جنگ لڑی جائے۔(ر)

564 : جنگ احد میں مسلمانوں کے لشکر میں کتنے مرد تھے؟

ج : جنگ احد میں مسلمانوں کے ایک ہزار مرد تھے۔(ر)

565 : جنگ احد میں عین وقت پر کس نے دغابازی کی؟

ج : جنگ احد میں عین وقت پر عبداللہ ابن ابی نے دغابازی کی۔(ر)

566 : جنگ احد میں عبداللہ بن ابی اپنے کتنے لوگوں کو راستے ہی سے پھیر کرلے چلا گیا؟

ج : جنگ احد میں عبداللہ بن ابی اپنے تین سو لوگوں کو راستے ہی سے پھیر کر لے چلا گیا۔(ر)

567 : جنگ احد میں حضور اکرم ﷺ کے پاس کتنے صحابہ تھے؟

ج : جنگ احد میں حضور اکرم ﷺ کے پاس بارہ صحابہ تھے۔(ر)

568 : حضور اکرم ﷺ کی پیشانی کس دشمن کے پتھر سے زخمی ہوئی؟

ج : ابن قمیہ کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کی پیشانی زخمی ہوئی۔(ر)

569 : کس کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کے دانت شہید ہوئے؟

ج : عتبہ کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کے دانت شہید ہوئے۔(ر)

570 : کس کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کا بازو زخمی ہوا؟

ج : ابن ہشام کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کا بازو زخمی ہوا۔(ر)

571 : جنگ احد میں زخمی ہو کر حضور اکرم ﷺ کہاں گر گئے؟

ج : جنگ احد میں زخمی ہو کر حضور اکرم ﷺ غار میں گر گئے۔(ر)

572 : جنگ احد میں کس کے شہید ہونے کی افواہ ہوگئی تھی؟

ج : جنگ احد میں حضور اکرم ﷺ کے شہید ہونے کی افواہ ہوگئی تھی۔(ر)

573 : جنگ احد میں کس نے حضور اکرم ﷺ کے زخموں کو دھویا تھا؟

ج : جنگ احد میں حضرت فاطمہؓ نے حضور اکرم ﷺ کے زخموں کو دھویا تھا۔(ر)

574 : جنگ احد میں حضور اکرم ﷺ کے زخم کا خون نہ تھما تو حضرت فاطمہؓ نے کیا کیا؟

ج : حضرت فاطمہؓ نے چٹائی جلا کر بھر دیا تا کہ خون تھم جائے۔(ر)

575 : جنگ احد میں کون زخمیوں کو پانی لا لا کر پلا رہی تھیں؟

ج : جنگ احد میں حضرت عائشہؓ اور حضرت ام سلیمؓ زخمیوں کو پانی پلا رہی تھیں۔(ر)

576 : جنگ احد میں کتنے صحابہ شہید ہوئے؟

ج : جنگ احد میں ستر صحابہ شہید ہوئے۔(ر)

577 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کے وعظ سے اوس وخزرج کے قبیلے مسلمان ہوئے؟

ج : وہ حضرت مصعب بن عمیرؓ ہیں جن کے وعظ سے اوس وخزرج کے قبیلے مسلمان ہوئے۔

578 : حضرت مصعب بن عمیرؓ کی شہادت کس جنگ میں ہوئی ؟

ج : حضرت مصعب بن عمیرؓ کی شہادت جنگ احد میں ہوئی۔(ر)

579 : وہ کونسی صحابیہ ہیں جن کے شوہر بھائی اور ماموں جنگ احد میں شہادت ہوئی ؟

ج : وہ حضرت حمنہ بنت جحش ہیں جن کے شوہر، بھائی اور ماموں جنگ احد میں شہادت ہوئی (ر)

580 : جنگ احد میں حضور اکرم ﷺ کے کونسے چچا شہید ہوئے ؟

ج : جنگ احد میں حضور اکرم ﷺ کے چچا حضرت حمزہؓ شہید ہوئے۔(ر)

581 : سیدالشہداء کس کو کہا جاتا ہے؟

ج : سیدالشہداء حضرت حمزہؓ کو کہا جاتا ہے۔(ر)

582 : حضرت حمزہؓ کی شہادت کے بعد ان کی کونسی بہن انہیں دیکھنے آئیں ؟

ج : حضرت حمزہؓ کی بہن حضرت صفیہؓ انہیں دیکھنے کے لئے آئیں۔(ر)

583 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے جنگِ احد میں ستر زخم کھا کر شہادت کا مرتبہ پایا؟

ج : وہ حضرت انس بن نضرؓ ہیں جنہوں نے یہ سعادت حاصل کی۔(ر)

584 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے جنگ احد میں حضور ﷺ کے تلواوں پر اپنی جان دے دی ؟

ج : وہ حضرت عمارہ بن زیادؓ ہیں جنہوں نے حضور ﷺ کے تلوؤں پر جان دے دی۔(ر)

585 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کو غسیل الملائکہ کہا گیا؟

ج : وہ حضرت حنظلہؓ ہیں جنہیں غسیل الملائکہ کہا گیا۔(ر)

586 : جنگ احد کے موقع پر حضور ﷺ نے مدینہ میں نماز پڑھانے کے لئے کس کو ذمہ دار بنایا ؟

ج : جنگ احد کے موقع پر حضور ﷺ نے مدینہ میں نماز پڑھانے کے لئے حضرت عبداللہ ابن اُم مکتومؓ کو ذمہ دار بنایا۔(خ)

587 : جنگ احد میں آخر کار کتنے آدمی باقی رہ گئے تھے جبکہ منافقوں کا سردار دھوکہ دے کر اپنے لوگوں کو واپس لے گیا ؟

ج : جنگ احد میں اس دھوکہ کے بعد صرف سات سو آدمی باقی رہ گئے تھے۔(خ)

588 : جنگ احد میں کتنے تیر انداز تھے؟

ج : جنگ احد میں پچاس تیرانداز تھے۔(خ)

589 : جنگ احد کے وقت سمرہ اور رافع کی عمر کتنی تھی ؟

ج : جنگ احد کے وقت دونوں کی عمر پندرہ سال تھی۔(خ)

590 : سمرہ اور جندب کونسا فن جانتے تھے جس کی وجہ سے جنگ احد میں شریک کرلیا گیا؟

ج : سمرہ اور جندب دونوں تیر اندازی سے واقف تھے۔(خ)

591 : وہ کونسے کم عمر مجاہدین ہیں جن کی عمر پندرہ سال سے کم ہونے کی وجہ سے جنگ احد سے واپس کیا گیا؟

ج : اسامہ بن زیدؓ، ابن عمرؓ، زید بن ثابتؓ، براء بن عازبؓ، زید ابن ارقمؓ وغیرہ جنگ احد سے کم عمری کی وجہ سے واپس کردیئے گئے۔(خ)

592 : حضور اکرم ﷺ جنگ احد میں اپنی تلوار کس کے سپرد کی تھی؟

ج : حضور اکرم ﷺ جنگ احد میں اپنی تلوار حضرت ابودجانہؓ کے سپرد کی تھی۔(خ)

593 : حضرت حنظلہؓ پر کس بدبخت نے جنگ احد میں وار کیا تھا؟

ج : حضرت حنظلہؓ پر شداد ابن اسود نے وار کیا تھا جس سے وہ شہید ہوگئے۔(خ)

594 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کی آنکھ چہرہ پر لٹک گئی اور انہوں نے اپنے ہاتھ سے اس کو اپنی جگہ رکھ دیا؟

ج : وہ حضرت قتادہ بن نعمانؓ ہیں جنہوں نے لٹکتی آنکھ کو اپنی جگہ پر رکھ لیا۔(خ)

595 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگِ احد میں زخمی ہونے کی وجہ سے لنگڑا کر چلتے تھے؟

ج : وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ ہیں جو جنگ احد میں زخمی ہونے کی وجہ سے لنگڑا کر چلتے تھے(خ)

596 : حضرت حمزہؓ کو شہید کرنے والے کون تھے؟

ج : حضرت حمزہؓ کو شہید کرنے والے وحشی تھے جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے ۔(خ)

597 : جنگ احد میں حضور ﷺ کی شہادت کی افواہ کے بعد کس نے یہ پکار کر کہا تھا کہ خوش ہو جاؤ رسول اللہ ﷺ یہ ہیں۔

ج : حضرت کعب ابن مالک نے یہ نعرہ بلند کیا تھا۔(خ)

598 : حضرت حمزہؓ کے کلیجہ کو کس عورت نے چبایا تھا؟

ج : حضرت حمزہؓ کے کلیجہ کو ہندہ نے چبایا تھا۔(خ)

599 : جنگ احد کے فوری بعد کونسا غزوہ ہوا؟

ج : جنگ احد کے فوری بعد غزوۂ حمراء الاسد ہوا۔(خ)

600 : حمراء الاسد مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : حمراء الاسد مدینہ سے آٹھ میل کے فاصلہ پر ہے۔(خ)

601 : حضور ﷺ حمراء الاسد میں کتنے دن تک مقیم رہے؟

ج : حضور ﷺ حمراء الاسد میں تین دن تک مقیم رہے (خ)

602 : جنگ احد میں شہید ہونے والے صحابہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج : جنگ احد میں شہید ہونے والے صحابہ کو احد ہی میں دفن کیا گیا۔ (خ)

603 : حضور ﷺ نے بنو نضیر کو جلاوطن کر دیا تو وہ کہاں چلے گئے؟

ج : بنو نضیر جلاوطن کے بعد خیبر چلے گئے۔ (ط)

604 : بنو نضیر کا محاصرہ کس مہینہ میں کیا گیا؟

ج : بنو نضیر کا محاصرہ ماہِ ربیع الاول میں کیا گیا۔ (خ)

605 : حضور ﷺ نے بنو نضیر کا محاصرہ کتنے دن تک کیا؟

ج : حضور ﷺ نے چھ دن تک بنو نضیر کا محاصرہ کیا۔ (خ)

606 : غزوۂ بنو نضیر میں یہودیوں میں سے کس نے ایمان قبول کیا؟

ج : یامین بن عمیر اور سعید بن وھب ؓ دونوں مسلمان ہوگئے۔ (خ)

607 : غزوۂ بنو نضیر کے بعد کونسا غزوہ پیش آیا؟

ج : غزوۂ بنو نضیر کے بعد غزوۂ ذات الرقاع پیش آیا۔ (خ)

608 : غزوۂ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج : غزوۂ خندق کا دوسرا نام غزوۂ احزاب ہے۔ (ط)

609 : غزوۂ خندق کس سن ہجری میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ خندق ماہِ ذی قعدہ میں پیش آیا۔ (ط)

610 : غزوۂ خندق کے لئے جھنڈا مشرکین نے کہاں تیار کیا؟

ج : غزوۂ خندق کے لئے مشرکین نے دارالندوہ میں جھنڈا تیار کیا۔ (ط)

611 : مشرکین کی طرف سے کس نے غزوۂ خندق میں جھنڈا اٹھایا؟

ج : عثمان طلحہ نے مشرکین کی طرف سے یہ جھنڈا اٹھایا۔ (ط)

612 : غزوۂ خندق میں مشرکین کے کتنے گھوڑے تھے؟

ج : غزوۂ خندق میں مشرکین کے تین سو گھوڑے تھے۔ (ط)

613 : غزوۂ خندق میں مشرکین کے کتنے اونٹ تھے؟

ج : غزوۂ خندق میں مشرکین کے پندرہ سو اونٹ تھے۔ (ط)

614 : غزوۂ خندق میں مشرکین کا سردار کون تھا؟

ج : غزوۂ خندق میں مشرکین کے سردار ابوسفیان تھے وہ فتح مکہ کے وقت مسلمان ہوئے۔(ط)

615 : غزوۂ خندق میں مشرکوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج : غزوۂ خندق میں مشرکوں کی تعداد دس ہزار(10,000)تھی۔(ط)

616 : غزوۂ خندق میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج : غزوۂ خندق میں مسلمانوں کی تعداد تین ہزار تھی۔(ط)

617 : غزوۂ خندق کو غزوۂ خندق کیوں کہا جاتا ہے؟

ج : اس لئے کہ اس غزوہ میں خندق کھودی گئی تھی۔(ط)

618 : خندق کھودنے میں کتنے دن لگے؟

ج : خندق کھودنے میں چھ دن لگے۔(ط)

619 : غزوۂ خندق کے لئے حضور ﷺ کب روانہ ہوئے؟

ج : غزوۂ خندق کے لئے حضور ﷺ ۸ر ذی القعدہ کو روانہ ہوئے۔(ط)

620 : غزوۂ خندق میں مہاجرین کی طرف سے کون علمبردار تھے؟

ج : غزوۂ خندق میں مہاجرین کی طرف سے حضرت زید بن حارثہؓ علمبردار تھے۔(ط)

621 : غزوۂ خندق میں انصار کی طرف سے کون علمبردار تھے؟

ج : غزوۂ خندق میں انصار کی طرف سے حضرت سعد بن عبادہؓ علمبردار تھے۔(ط)

622 : رمضان کے روزے کس سن میں فرض ہوئے؟

ج : رمضان کے روزے سن ۲ر ہجری میں فرض ہوئے۔(ر)

623 : حضرت حسینؓ کس سن ہجری میں پیدا ہوئے؟

ج : حضرت حسینؓ ۴ر سن ہجری میں پیدا ہوئے۔(ر)

624 : سن ۵ر ہجری میں مسلمانوں کی فوج نے کس کو گرفتار کر کے مسجد نبوی ﷺ کے ستون سے باندھ دیا تھا؟

ج : ثمامہ بن اثال کو مسلمانوں کی فوج نے گرفتار کر کے مسجد نبوی ﷺ کے ستون سے باندھ دیا تھا(ر)

625 : کتنے دن کے بعد حضور ﷺ نے ثمامہ بن اثال کو چھوڑ دیا جو مسجد کے ستون سے باندھ دیئے گئے تھے

ج : حضور ﷺ نے ثمامہ بن اثال کو تیسرے روز چھوڑ دیا۔(ر)

626 : ثمامہ بن اثال کو جب حضور ﷺ نے آزاد کر دیا تو اس نے کیا کیا؟

ج : ثمامہ بن اثال نے کھجور کے باغ میں جا کر غسل کیا اور مسجد نبوی ﷺ میں آ کر کلمہ حق پڑھ لیا(ر)

627 : کس سن ہجری کو غزوۂ بنی قریظہ پیش آیا؟

ج : ۵/سن ہجری کوغزوۂ بنی قریظہ پیش آیا۔(ط)
628 : غزوۂ بنی قریظہ کس مہینہ میں پیش آیا؟
ج : غزوۂ بنی قریظہ ماہ ذی القعدہ میں پیش آیا۔(ط)
629 : غزوۂ بنی قریظہ میں کتنے مجاہدین روانہ ہوئے؟
ج : غزوۂ بنی قریظہ میں تین ہزار مجاہدین روانہ ہوئے۔(ط)
630 : غزوۂ بنی قریظہ میں مسلمانوں کے ساتھ کتنے گھوڑے تھے؟
ج : غزوۂ بنی قریظہ میں مسلمانوں کے ساتھ چھتیس (36) گھوڑے تھے۔(ط)
631 : غزوۂ بنی قریظہ میں کتنے دن تک شدید محاصرہ رہا؟
ج : غزوۂ بنی قریظہ میں پندرہ دن تک شدید محاصرہ رہا۔(ط)
632 : غزوہ بنی قریظہ سے حضور ﷺ کس تاریخ کو واپس ہوئے؟
ج : غزوۂ بنی قریظہ سے حضور ﷺ نے ۷/ذی الحجہ، ۵/سن ہجری کو واپس ہوئے۔(ط)
633 : واقعۂ اِفک کس غزوہ میں پیش آیا؟
ج : واقعۂ اِفک غزوۂ بنی المصطلق میں پیش آیا۔(خ)
634 : غزوۂ بنی المصطلق کس سن ہجری میں پیش آیا؟
ج : غزوۂ بنی المصطلق ۶/سن ہجری کو پیش آیا۔(خ)
635 : حضور ﷺ نے بنو مصطلق کی جانب صدقات وصول کرنے کے لئے کس کو بھیجا؟
ج : حضور ﷺ نے بنو مصطلق کی جانب صدقات وصول کرنے کے لئے حضرت ولید بن عقبہؓ کو بھیجا۔(خ)
636 : غزوۂ بنی المصطلق کے کتنے ماہ بعد صلح حدیبیہ ہوئی؟
ج : غزوۂ بنی المصطلق کے دو ماہ بعد صلح حدیبیہ ہوئی۔(خ)
637 : حضور ﷺ مدینہ سے عمرہ کے اِرادہ سے کس سن ہجری میں روانہ ہوئے؟
ج : حضور ﷺ مدینہ سے عمرہ کے اِرادہ سے ۶/سن ہجری میں روانہ ہوئے۔(خ)
638 : صلح حدیبیہ کس سن ہجری میں ہوئی؟
ج : صلح حدیبیہ ۶/سن ہجری میں ہوئی۔(خ)
639 : صلح حدیبیہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ کون تھے؟
ج : صلح حدیبیہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ مہاجرین وانصار کا ایک گروہ تھا۔(خ)
640 : صلح حدیبیہ میں حضور ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ تھے؟

ج : صلح حدیبیہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تیرہ سو اور پندرہ سو کے درمیان صحابہ تھے۔ (خ)

641 : صلح حدیبیہ کے وقت حضور ﷺ نے احرام کہاں سے باندھا تھا؟

ج : صلح حدیبیہ کے وقت حضور ﷺ نے مدینہ ہی سے احرام باندھا تھا۔ (خ)

642 : حضور ﷺ نے جب حدیبیہ میں اپنی اونٹنی کو مکہ کی طرف موڑا تو کیا ہوا؟

ج : حضور ﷺ نے جب حدیبیہ میں اونٹنی کو مکہ کی طرف موڑا تو وہ بیٹھ گئی۔ (خ)

643 : حضور ﷺ نے اونٹنی کے بیٹھ جانے پر کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، اس اونٹنی کو اس نے روک دیا ہے جس نے اصحاب فیل کی فیل کو روک دیا تھا (خ)

644 : صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور ﷺ کی طرف سے سے اہل مکہ کی جانب بحیثیت سفیر کون تھے؟

ج : صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور ﷺ کی طرف حضرت عثمان بحیثیت سفیر تشریف لے گئے تھے (خ)

645 : جب حضرت عثمانؓ کے مکہ سے واپس آنے میں تاخیر ہوگئی تو کیا خبر مشہور ہوگئی؟

ج : حضرت عثمانؓ کے بارے میں یہ خبر مشہور ہوگئی کہ انہیں شہید کر دیا گیا ہے۔ (خ)

646 : حضور ﷺ صلح حدیبیہ کے موقع پر صحابۂ کرام سے جو بیعت کی اس کا نام کیا ہے؟

ج : اس بیعت کا نام بیعت الرضوان ہے۔ (خ)

647 : صلح حدیبیہ کے موقع پر جو بیعت ہوئی وہ کس جگہ پر ہوئی؟

ج : صلح حدیبیہ کے موقع پر جو بیعت ہوئی وہ درخت کے نیچے ہوئی۔ (خ)

648 : صلح حدیبیہ کے موقع پر بیعت کس بات پر ہوئی؟

ج : صلح حدیبیہ کے موقع پر بیعت اس بات پر ہوئی کہ لڑائی سے نہیں بھاگیں گے۔ (خ)

649 : صلح حدیبیہ میں کیا بات طے ہوئی؟

ج : صلح حدیبیہ میں یہ باط طے ہوئی کہ اس سال قربانی کر کے واپس چلے جائیں اور آئندہ سال بغیر ہتھیار کے حضور ﷺ اور صحابہ مکہ میں داخل ہوں۔ (خ)

650 : صلح حدیبہ کے موقع پر کس نے عہد نامہ لکھا تھا؟

ج : صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت علیؓ نے عہد نامہ لکھا تھا۔ (خ)

651 : صلح حدیبیہ کے موقع پر کس نے محمد رسول اللہ ﷺ کو مٹا کر محمد بن عبداللہ لکھ دیا؟

ج : صلح حدیبہ کے موقع پر حضور ﷺ نے محمد رسول اللہ ﷺ کو مٹا کر محمد بن عبداللہ لکھ دیا (خ)

652 : جب صلح حدیبیہ کا عہد نامہ لکھا گیا تو حضور ﷺ نے صحابہ کرام کو کیا حکم دیا؟

ج : حضور ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ قربانی کریں اور سر منڈا لیں۔ (خ)

653 : حضورﷺ نے قیصر روم کی طرف دعوتِ اسلام کا خط کس کے ذریعہ روانہ کیا؟

ج : حضورﷺ نے قیصر روم کی طرف دعوت اسلام کا خط حضرت دحیہ کلبیؓ کے ذریعہ روانہ کیا۔(خ)

654 : حضورﷺ نے نجاشی کی طرف دعوتِ اسلام کا خط کس کے ذریعہ روانہ کیا؟

ج : حضورﷺ نے نجاشی کی طرف دعوتِ اسلام کا خط عمرو بن احیہ کے ذریعہ روانہ کیا۔(خ)

655 : حضورﷺ نے اسکندریہ کے بادشاہ مقوقس کی طرف دعوتِ اسلام کا خط کس کے ذریعہ روانہ کیا؟

ج : حضورﷺ نے مقوقس کی طرف دعوتِ اسلام کا خط حضرت حاطب بن ابی بلقہؓ کے ذریعہ روانہ کیا۔(خ)

656 : مقوقس نے حضورﷺ کی خدمت میں کیا تحفے روانہ کئے؟

ج : مقوقس نے حضورﷺ کی خدمت میں چار باندیاں روانہ کیا جن میں ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ کو روانہ کیا۔(خ)

657 : فارس کے بادشاہ کسریٰ نے حضورﷺ کا نامہ مبارک پڑھ کر کیا کیا؟

ج : فارس کے بادشاہ نے حضورﷺ کے نامہ مبارک کو پھاڑ ڈالا۔(خ)

658 : جب معلوم ہوا کہ کسریٰ نے آپﷺ کے نامہ مبارک کو پھاڑ ڈالا ہے تو آپﷺ نے کیا کہا؟

ج : حضورﷺ نے فرمایا: یا اللہ! اس کا ملک ٹکڑے ٹکڑے کر دے۔(خ)

659 : غزوۂ حدیبیہ کے وقت حضورﷺ مدینہ سے کس سواری پر بیٹھ کر روانہ ہوئے؟

ج : غزوۂ حدیبیہ کے وقت حضورﷺ مدینہ سے القصواء نامی سواری پر بیٹھ کر روانہ ہوئے۔(ط)

660 : صلح حدیبیہ کے وقت حضورﷺ نے مدینہ پر اپنا نائب کس کو بنایا؟

ج : صلح حدیبیہ کے وقت حضورﷺ نے مدینہ پر اپنا نائب حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کو بنایا۔(ط)

661 : صلح حدیبیہ کے وقت حضورﷺ کے ساتھ کتنے اونٹ تھے؟

ج : صلح حدیبیہ کے وقت حضورﷺ کے ساتھ ستر اونٹ تھے(ط)

662 : جس وقت حدیبیہ کا عہد نامہ لکھا جا رہا تھا مکہ سے کونسے صحابی وہاں پہنچے؟

ج : حضرت ابوجندل بن سہیلؓ اس وقت حدیبیہ پہنچے۔(ط)

663 : جس درخت کے نیچے بیعت رضوان ہوئی تھی اس درخت کو کس نے کاٹ ڈالا؟

ج : حضرت عمرؓ نے اس درخت کو اسی لئے کاٹ ڈالا کہ لوگ اسی کے پاس نماز پڑھنے لگے تھے(ط)

664 : حضورﷺ نے جس درخت کے نیچے بیعت کی وہ کونسا درخت تھا؟

ج : حضورﷺ نے حدیبیہ کے نیچے بیعت کی وہ ببول کا درخت تھا۔(ط)

665 : حضورﷺ نے حدیبیہ کے سال ایک اونٹ یا ایک گائے کی کتنے لوگوں کی طرف سے قربانی کی؟

ج : حضور ﷺ نے حدیبیہ کے سال ایک اونٹ یا ایک گائے کی سات لوگوں کی طرف سے قربانی کی۔(ط)

666 : حضور ﷺ نے حدیبیہ میں حلق کرنے والوں کے لئے کتنے مرتبہ دعاء کی؟

ج : حضور ﷺ نے حدیبیہ میں حلق کرنے والوں کے لئے تین مرتبہ دعاء کی۔(ط)

667 : حضور ﷺ نے حدیبیہ میں قصر کرنے والوں کے لئے کتنے مرتبہ دعاء کی؟

ج : حضور ﷺ نے حدیبیہ میں قصر کرنے والوں کے لئے ایک مرتبہ دعاء کی۔(ط)

668 : **اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا** کس سال نازل ہوئی؟

ج : یہ آیت حدیبیہ کے سال نازل ہوئی۔(ط)

669 : خیبر کے دن حضور ﷺ نے جھنڈا کس کے ہاتھ میں دیا۔

ج : خیبر کے دن حضور ﷺ نے جھنڈا حضرت علیؓ کے ہاتھ میں دیا۔(ط)

670 : حضور ﷺ نے خیبر کے دن مال غنیمت کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا؟

ج : حضور ﷺ نے خیبر کے دن مال غنیمت کو(۲۶) چھبیس حصوں میں تقسیم کیا۔(ط)

671 : حضور ﷺ نے عمرہ کی قضاء کس سن ہجری میں فرمائی؟

ج : حضور ﷺ نے عمرۃ القضاء سات سن ہجری میں فرمائی۔(ط)

672 : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ تھے؟

ج : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ دو ہزار صحابہ تھے۔(ط)

673 : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ کتنے اونٹ لے گئے؟

ج : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ ساٹھ(60)اونٹ لے گئے۔(ط)

674 : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ کتنے گھوڑے تھے؟

ج : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ سو گھوڑے تھے۔(ط)

675 : عمرۃ القضاء کے وقت مکہ کے قریش کہاں چلے گئے تھے؟

ج : عمرۃ القضاء کے وقت مکہ کے قریش پہاڑوں کی چوٹیوں پر چلے گئے تھے۔(ط)

676 : عمرۃ القضاء کے وقت حضور کی سواری کی نکیل کون پکڑے ہوئے تھے؟

ج : عمرۃ القضاء کے وقت حضور کی سواری حضرت عبداللہ بن رواحہ پکڑے ہوئے تھے۔(ط)

677 : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ نے سعی کس طرح کی؟

ج : عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ نے سعی سواری پر بیٹھ کر کی۔(ط)

678 : عمرۃ القضاء میں طواف کے دوران خاص حکم کیا دیا گیا تھا؟

ج : عمرۃ القضاء میں طواف کے دوران رمل کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔(ط)

679 : فتح مکہ کس سن میں ہوا؟

ج : فتح مکہ ۸/سن ہجری میں ہوا۔(ط)

680 : فتح مکہ کس ماہ میں پیش آیا؟

ج : فتح مکہ ماہِ رمضان میں پیش آیا۔(ط)

681 : فتح مکہ کے موقع پر مکہ والوں کو اہل مدینہ کے مکہ پہنچنے کی اطلاع کا خط کس نے لکھا؟

ج : حاطب بن ابی بلقہؓ نے اہل مکہ کو ایک خط لکھ کر اس کی اطلاع دی۔(ط)

682 : حضور ﷺ نے حاطب ابن ابی بلقہ کے قاصد کو گرفتار کرنے کے لئے کس کو بھیجا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت علیؓ اور حضرت مقداد بن عمروؓ کو قاصد کی گرفتاری کے لئے بھیجا۔(ط)

683 : حضور ﷺ نے فتح مکہ کے لئے کس دن روانہ ہوئے؟

ج : حضور ﷺ فتح مکہ کے لئے چہار شنبہ کے دن روانہ ہوئے۔(ط)

684 : حضور ﷺ فتح مکہ کے موقع پر کس اونٹنی پر سوار تھے؟

ج : حضور ﷺ فتح مکہ کے موقع پر القصواء نامی اونٹنی پر سوار تھے۔(ط)

685 : فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کا جھنڈا کس کے ساتھ تھا؟

ج : فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کا جھنڈا حضرت سعد بن عبادہؓ کے ساتھ تھا۔(ط)

686 : فتح مکہ کے موقع پر کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

ج : فتح مکہ کے موقع پر دو مسلمان شہید ہوئے۔(ط)

687 : فتح مکہ کے موقع پر جو دو مسلمان شہید ہوئے ان کے نام کیا ہے؟

ج : فتح مکہ کے موقع پر جو دو مسلمان شہید ہوئے ان کے نام یہ ہیں۔

**کرز بن جابر الفہریؓ اور خالد الاشعر الخزاعیؓ** (ط)

688 : حضور ﷺ فتح مکہ کے موقع پر خانۂ کعبہ میں جب بتوں پر سے گزرے تو کونسی آیت تلاوت کی

ج : حضور نے یہ آیت تلاوت کی: جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا (ط)

689 : فتح مکہ کے موقع پر سب سے بڑا بت ہبل کہاں تھا؟

ج : فتح مکہ کے موقع پر سب سے بڑا بت ہبل کعبہ کے سامنے تھا۔(ط)

690 : حضور ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر کعبہ میں کہاں دو رکعت نماز ادا کی؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت مقام ابراہیم جو کعبہ سے متصل تھا وہاں نماز ادا کی۔(ط)

691 : حضورﷺ نے کعبۃ اللہ کی کنجی پھر کس کے حوالے کی؟

ج : حضورﷺ نے کعبۃ اللہ کی کنجی عثمان بن طلحہ شیبی کے حوالے کی۔(ط)

692 : فتح مکہ کے موقع پر کعبۃ اللہ کی چھت پر کس نے اذان دی؟

ج : فتح مکہ کے موقع پر حضرت بلالؓ نے کعبۃ اللہ کی چھت پر اذان دی۔(ط)

693 : فتح مکہ کے موقع پر سب سے پہلی اذان جو دی گئی وہ کس نماز کی تھی؟

ج : فتح مکہ کے موقع پر سب سے پہلی اذان نماز ظہر کی دی گئی۔(ط)

694 : فتح مکہ کے دن حضورﷺ کی طرف سے مکہ میں کیا اعلان کرایا گیا؟

ج : یہ اعلان کر دیا گیا کہ جو شخص اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے گھر میں کوئی بت توڑے بغیر نہ چھوڑ دے۔(ط)

695 : مکہ مکرمہ کس دن فتح ہوا؟

ج : مکہ مکرمہ ۲۰؍رمضان کو جمعہ کے دن فتح ہوا۔(ط)

696 : حضورﷺ فتح مکہ کے موقع پر مکہ مکرمہ میں کتنے دن مقیم رہے؟

ج : حضورﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر مکہ مکرمہ میں پندرہ دن مقیم رہے۔(ط)

697 : فتح مکہ کے بعد حضورﷺ نے مکہ پر کس کو عامل بنایا؟

ج : فتح مکہ کے بعد حضورﷺ نے مکہ پر عتاب بن اُسید کو عامل بنایا۔(ط)

698 : فتح مکہ کے بعد مکہ میں کس نے حدیث وفقہ کی تعلیم دی؟

ج : فتح مکہ کے بعد مکہ میں حضرت معاذ بن جبلؓ نے حدیث وفقہ کی تعلیم دی۔(ط)

699 : فتح مکہ کے موقع پر حضورﷺ کے ہمراہ کتنے مسلمان تھے؟

ج : فتح مکہ کے موقع پر حضورﷺ کے ہمراہ آٹھ یا دس ہزار مسلمان تھے۔(ط)

700 : حضورﷺ نے اہل مکہ کو کس طرح معاف فرمایا؟

ج : حضورﷺ نے فرمایا میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہا لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ آج تم پر کوئی ملامت نہیں۔(ط)

701 : غزوۂ حنین کس سن ہجری میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ حنین ۸؍سن ہجری میں پیش آیا۔(ط)

702 : غزوۂ حنین کس مہینہ میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ حنین ماہِ شوال میں پیش آیا۔(ط)

703 : حضور ﷺ فتح مکہ کے بعد مکہ سے کب روانہ ہوئے؟

ج : حضور ﷺ فتح مکہ کے بعد مکہ سے ۶ر شوال کو روانہ ہوئے۔(ط)

704 : حضور ﷺ مقامِ حنین کو کب پہنچے؟

ج : حضور ﷺ حنین کو ۱۰ر شوال کو شام کے وقت پہنچے۔(ط)

705 : حضور ﷺ جب وادیٔ حنین پہنچے تو کس سواری پر سوار تھے؟

ج : حضور ﷺ سفید خچر دُلدل پر سوار ہو کر حنین کی وادی پر پہنچے۔(ط)

706 : حضور ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کو امیر بنا کر کس سال حج کے لئے روانہ فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے ۹ر سن ہجری میں حضرت ابوبکرؓ کو امیر بنا کر حج کے لئے روانہ فرمایا۔(ط)

707 : حضرت ابوبکرؓ مدینہ سے حج کے لئے کتنے آدمیوں کے ہمراہ روانہ ہوئے؟

ج : حضرت ابوبکرؓ مدینہ سے حج کے لئے تین سو آدمیوں کے ہمراہ روانہ ہوئے۔(ط)

708 : ۹ر سن ہجری کو حضرت علیؓ حج کے لئے کس اونٹنی پر سوار ہو کر نکلے؟

ج : ۹ر سن ہجری کو حضرت علیؓ حضور ﷺ کی اونٹنی القصواء پر سوار ہو کر نکلے۔(ط)

709 : حضرت علیؓ نے ۹ر سن ہجری کی دس ذی الحجہ کو کونسی سورت پڑھ کر سنائی؟

ج : حضرت علیؓ نے ۹ر سن ہجری کو سورۂ توبہ پڑھ کر سنائی۔(ط)

710 : حضرت علیؓ نے ۹ر سن ہجری کو حضور ﷺ کی طرف سے کونسا خصوصی اعلان فرمایا؟

ج : حضرت علیؓ نے اعلان کیا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کر سکے گا۔(ط)

711: اسلام کا پانچواں رکن حج کس سن ہجری میں فرض ہوا؟

ج : اسلام کا پانچواں رکن حج ۹ر سن ہجری میں فرض ہوا۔(ر)

712 : حضور ﷺ نے کس سن ہجری میں آخری حج ادا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے ۱۰ر سن ہجری میں آخری حج ادا فرمایا۔(ر)

713 : حضور ﷺ کے آخری حج کو کونسا حج کہا جاتا ہے؟

ج : حضور ﷺ کے آخری حج کو حجۃ الوداع کہا جاتا ہے۔(ر)

714 : حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کا احرام کہاں باندھا؟

ج : حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کا احرام ذی الحلیفہ میں باندھا۔(ر)

715 : حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر مکہ کے قریب کس مقام پر تھوڑی دیر کے لئے ٹھہرے؟

ج : حضور ﷺ نے اس موقع پر ذی طویٰ نامی مقام پر تھوڑی دیر کے لئے ٹھہرے۔(ر)

716 : آٹھویں ذی الحجہ کو حضور ﷺ مکہ سے نکل کر کہاں ٹھہرے؟
ج : آٹھویں ذی الحجہ کو حضور ﷺ منیٰ میں جا کر ٹھہرے۔(ر)
717 : حضور ﷺ نے آٹھویں ذی الحجہ کی کونسی نمازیں منیٰ میں ادا کیں؟
ج : حضور ﷺ نے آٹھویں ذی الحجہ کی ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں ادا کیں۔(ر)
718 : نویں ذی الحجہ کو حضور ﷺ طلوع آفتاب کے بعد کہاں آ کر اترے؟
ج : نویں ذی الحجہ کو حضور ﷺ طلوع آفتاب کے بعد وادی نمرہ میں آ کر اترے۔(ر)
719 : وادی نمرہ کی دونوں جانب کیا ہے؟
ج : وادی نمرہ کی ایک جانب عرفات اور دوسری جانب مزدلفہ ہے۔(ر)
720 : نویں ذی الحجہ کو زوال آفتاب کے بعد حضور ﷺ کہاں چلے گئے؟
ج : نویں ذی الحجہ کو زوال آفتاب کے بعد حضور ﷺ عرفات تشریف لے گئے۔(ر)
721 : غزوۂ تبوک کس سن ہجری میں پیش آیا؟
ج : غزوۂ تبوک ۹ سن ہجری میں پیش آیا۔(خ)
722 : غزوۂ تبوک کی تیاری کے لئے حضرت عثمانؓ نے کیا کیا خرچ کیا؟
ج : غزوۂ تبوک کی تیاری کے لئے حضرت عثمانؓ نے ایک ہزار دینار سرخ اور نوسو اونٹ مع اسباب اور سو گھوڑے دیئے۔(خ)
723 : غزوۂ تبوک کے لئے سب سے زیادہ کس نے خرچ کیا؟
ج : غزوۂ تبوک کے لئے سب سے زیادہ حضرت عثمان غنیؓ نے خرچ کیا۔(خ)
724 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے غزوۂ تبوک میں شرکت کرنے والے غریب صحابہ کے لئے اونٹ خرید کر دیئے؟
ج : حضرت یامین بن عمیرؓ نے غریب و مفلس مجاہدین کے لئے اونٹ خرید کر دیئے۔(خ)
725 : حجۃ الوداع کے لئے حضور ﷺ کس مہینہ میں مدینہ سے روانہ ہوئے؟
ج : حجۃ الوداع کے لئے حضور ﷺ ذی القعدہ میں روانہ ہوئے۔(خ)
726 : دس سن ہجری کے ماہِ ذالحجہ میں حضور ﷺ نے بلادِ شام پر جہاد کے لئے کس کو امیر بنایا تھا؟
ج : حضور ﷺ نے اس مہم کے لئے حضرت اسامہ بن زیدؓ کو امیر بنایا تھا۔(خ)
727 : حضور ﷺ بیماری کے زمانہ میں تمام ازواج مطہرات کی اجازت سے کس کے مکان میں رہے؟
ج : حضور ﷺ بیماری کے زمانہ میں حضرت عائشہؓ کے مکان میں رہے۔(خ)

728 : آخری وقت میں حضور ﷺ نے اپنا سر مبارک کس کے سینہ پر رکھا تھا؟
ج : آخری وقت میں حضور ﷺ نے اپنا سر مبارک حضرت عائشہؓ کے سینہ مبارک پر رکھا تھا۔(خ)
729 : حضور ﷺ کی وفات کس دن ہوئی؟
ج : حضور ﷺ کی وفات پیر کے دن ہوئی۔(خ)
730 : حضور ﷺ کی وفات کی تاریخ کیا ہے؟
ج : حضور ﷺ کی وفات کی تاریخ ۱۲/ربیع الاول ہے۔(خ)
731 : حضور ﷺ کی تدفین کس دن ہوئی؟
ج : حضور ﷺ کی تدفین منگل کے دن ہوئی۔(خ)
732 : حضور ﷺ کو غسل کس نے دیا؟
ج : حضور ﷺ کو غسل دینے میں حضرت علیؓ، حضرت عباسؓ اور ان کے دونوں لڑکے حضرت اسامہ اور حضرت سفران شریک تھے۔(خ)
733 : حضور ﷺ کو کتنے کپڑوں میں کفنایا گیا؟
ج : حضور ﷺ کو تین کپڑوں میں کفنایا گیا۔(خ)
734 : حضور ﷺ کے لئے کس نے قبر کھودی؟
ج : حضور ﷺ کے لئے ابوطلحہ زید بن سہیلؓ نے صندوقی قبر کھودی۔(خ)
735 : حضور ﷺ کی نماز جنازہ کی امامت کس نے کی؟
ج : حضور ﷺ کی نماز جنازہ کی امامت کسی نے نہیں کی۔(خ)
736 : حضور ﷺ کی وفات کے وقت ہجرت کے کتنے سال گزر چکے تھے؟
ج : حضور ﷺ کی وفات کے وقت ہجرت کے دس سال گزر چکے تھے۔(خ)
737 : وفات کے وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟
ج : وفات کے وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک ترسٹھ (۶۳) برس تھی۔(خ)
738 : حضور ﷺ کی تدفین کس جگہ ہوئی؟
ج : حضور ﷺ کی تدفین حجرۂ عائشہ میں ہوئی۔(خ)
739 : حضور ﷺ کی وفات کس سن ہجری میں ہوئی؟
ج : حضور ﷺ کی وفات ۱۱/سن ہجری میں ہوئی۔(خ)
740 : حضور ﷺ کی بیماری کے زمانہ میں حضرت ابوبکرؓ نے کتنی نمازیں پڑھائیں؟

ج : حضورﷺ کی بیماری کے زمانہ میں حضرت ابوبکرؓ نے تیرہ نمازیں پڑھائیں۔(خ)
741 : حجۃ الوداع کے بعد یمامہ میں کس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا؟
ج : حجۃ الوداع کے بعد یمامہ میں مسلمہ کذاب نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔(خ)
742 : حجۃ الوداع کے بعد بنو اسد قبیلہ میں کس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا؟
ج : حجۃ الوداع کے بعد بنو اسد کے طلیحہ بن خویلد نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا(خ)
743 : حضورﷺ نے وفات کے سال ماہِ رمضان میں کتنے دن کا اعتکاف کیا؟
ج : حضورﷺ نے وفات کے سال ماہِ رمضان میں بیس دن کا اعتکاف کیا۔(ط)
744 : وفات کے سال حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضورﷺ کو کتنے مرتبہ قرآن مجید سنائی؟
ج : وفات کے سال حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضورﷺ کو دو مرتبہ قرآن مجید سنائی۔(ط)
745 : حضورﷺ کی سخاوت کس مہینہ میں بڑھ جایا کرتی تھی؟
ج : حضورﷺ کی سخاوت ماہِ رمضان المبارک میں بڑھ جایا کرتی تھی۔(ط)
746 : حضورﷺ پر کس نے جادو کیا تھا؟
ج : حضورﷺ پر لبید بن اعصم نے جادو کیا تھا۔(ط)
747 : وفات سے پہلے حضورﷺ کو کونسا مرض لاحق ہوا؟
ج : وفات سے پہلے حضورﷺ کو شدید دردِ سر لاحق ہوا۔(ط)
748 : حضورﷺ مرضِ وفات میں کیا پڑھ کر دم کرتے تھے؟
ج : حضورﷺ مرضِ وفات میں سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھ کر دم کرتے تھے۔(ط)
749 : حضورﷺ کی وفات کے بعد آپﷺ پر کونسی چادر اڑھائی گئی؟
ج : حضورﷺ کی وفات کے بعد آپﷺ پر یمنی چادر اڑھائی گئی۔(ط)
750 : حضورﷺ کس تاریخ کو بیمار ہوئے؟
ج : حضورﷺ ۱۹رصفر، ۱۱رسن ہجری کو بیمار ہوئے۔بعض نے ۲۹رصفر بھی لکھا ہے۔(ط)
751 : جس دن حضورﷺ بیمار ہوئے وہ کونسا دن تھا؟
ج : جس دن حضورﷺ بیمار ہوئے وہ چہار شنبہ کا دن تھا۔(ط)
752 : حضورﷺ مرضِ وفات میں کتنے دن بیمار رہے؟
ج : حضورﷺ مرضِ وفات میں تیرہ دن بیمار رہے۔(ط)
753 : حضورﷺ کی تدفین کے وقت قبر میں کون داخل ہوئے؟

ج : حضور ﷺ کی تدفین کے وقت حضرت علیؓ اور فضل بن عباسؓ اور حضرت اسامہؓ داخل ہوئے (ط)

754 : حضور ﷺ کی قبر میں کس نے اپنی انگوٹھی ڈال دی تھی جس کو قبر میں اتر کر انہوں نے لے لیا تھا؟

ج : حضرت معیرہ بن شعبہؓ نے قبر میں اپنی انگوٹھی ڈال دی تھی جس کو قبر میں اتر کر انہوں نے لے لیا تھا۔(ط)

755 : کیا تدفین کے بعد حضور ﷺ کی قبر مبارک پر پانی چھڑکا گیا؟

ج : ہاں! تدفین کے بعد حضور ﷺ کی قبر مبارک پر پانی چھڑکا گیا۔(ط)

756 : حضور ﷺ نے مکہ میں کتنے سال قیام فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے مکہ میں ترپن سال (53) قیام فرمایا۔(ط)

757 : حضور ﷺ نے مدینہ میں کتنے سال قیام فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے مدینہ میں دس سال قیام فرمایا۔(ط)

# مولانا غیاث احمد رشادی کی عام فہم اصلاحی کتابیں

(۱) روح قرآن (جلد اوّل)
(۲) روح قرآن (جلد دوّم)
(۳) تکبر کی حقیقت
(۴) سچ اور جھوٹ
(۵) امانت وخیانت
(۶) کیا ماہِ صفر منحوس ہے؟
(۷) ہم ماہِ رمضان میں کیسے رہیں؟
(۸) ہم اپنی قربانی کیسے کریں؟
(۹) ہم اپنے محلّہ میں کیسے رہیں؟
(۱۰) آپسی تعلقات میں بگاڑ کیوں؟
(۱۱) رشتہ داروں میں ایسے رہیں
(۱۲) مسلمانو! قادیانیوں سے بچو!
(۱۳) ہم عیادت کس طرح کریں؟
(۱۴) حرام کمائی سے پرہیز
(۱۵) زبان بہترین یا بدترین
(۱۶) قدرت کی پہچان
(۱۷) قرآنِ مجید میں خواتین کے واقعات
(۱۸) ہماری مسجدیں اور ہم
(۱۹) مردوں اور عورتوں کی نماز کا طریقہ
(۲۰) نماز کے اثرات وثمرات
(۲۱) جمعہ کے دن کیا کریں؟
(۲۲) حج کا سفر
(۲۳) رب سے کس طرح مانگیں؟
(۲۴) ہمارے گھروں میں ٹی-وی کیوں؟
(۲۵) بحیثیتِ مسلمان میں تمہیں کیا دے سکتا ہوں؟
(۲۶) ہمارا لباس کیسا ہو؟
(۲۷) عورت بے پردہ کیوں ہوگئی؟
(۲۸) میاں بیوی آپس میں کیسے رہیں؟
(۲۹) ماں باپ کیا کریں؟
(۳۰) ہم اپنے بچوں کو کہاں پڑھائیں؟
(۳۱) مصیبتوں میں ہم کیا کریں؟
(۳۲) سکرات سے تعزیت تک
(۳۳) ہم میں صبر کیوں نہیں؟
(۳۴) ظلم کیوں کرتے ہو؟
(۳۵) ماں باپ کا حق کیا ہے؟
(۳۶) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا علمی سفر
(۳۷) چراغ دینیات
(۳۸) شب وروز کی دعائیں
(۳۹) موجودہ معاشرہ میں نکاح بوجھ کیوں؟
(۴۰) سیرتِ طیبہ قرآنِ حکیم کی روشنی میں
(۴۱) زکوٰۃ کس طرح ادا کریں؟
(۴۲) اعتکاف کا طریقہ کیا ہے؟
(۴۳) شیطان ہمارا دوست ہے یا دشمن؟
(۴۴) نماز کیوں نہیں پڑھتے؟ (آیاتِ قرآن کی روشنی میں)
(۴۵) نماز کیوں چھوڑ دیتے ہو؟ (احادیث کی روشنی میں)
(۴۶) برادرانِ وطن کو دین کی دعوت کیوں نہیں دیتے؟
(۴۷) کیا دوسرا نکاح معیوب ہے؟
(۴۸) داڑھی کیوں نہیں رکھتے؟
(۴۹) پڑوسیوں کا حق ادا کیوں نہیں کرتے؟
(۵۰) غیبت کیوں کرتے ہو؟
(۵۱) وضو کس طرح کریں؟
(۵۲) قرآنِ حکیم سے ہم کتنے قریب، کتنی دور؟
(۵۳) بچے کیوں بگڑ رہے ہیں؟
(۵۴) رشوت کیوں لیتے ہو؟
(۵۵) دل اور دل کا سکون
(۵۶) اللہ تعالیٰ کے محبوب اور دوست
(۵۷) طریقۂ حج
(۵۸) موجودہ معاشرہ میں عاملوں کا کردار
(۵۹) جادو ٹونا کرتے کراتے کیوں ہو؟
(۶۰) رزق کے دروازے کب کھلتے ہیں؟
(۶۱) نصاب دینی گرمائی کورس (جلد اوّل ودوّم)
(۶۲) انبیاء سابقہ اور اقوام سابقہ
(۶۳) قومِ یہود کے بارے میں قرآن حکیم کیا کہتا ہے؟
(۶۴) عصری مدارس کا دینیات کورس
(۶۵) حج وعمرہ کے مسائل (سوال وجواب کی روشنی میں)
(۶۶) یہ مسلکی جھگڑے کب تک؟
(۶۷) مذہبی کوئیز (جلد اوّل ودوّم)